روزنامہ
WATTAN
The Urdu Daily
وطن
بڈگام

جمعہ
11 اکتوبر 2024
FRIDAY
11-OCTOBER-2024

صفحہ 08
ہیری بروک کی ٹرپل سنچری

صفحہ 08
بابر اعظم ایک بار پھر فلاپ ہو گئے

The Urdu Daily WATTAN Budgam ■ RNI No. JKURD/2011/37141 ■ Vol: 14 | No: 227 | Pages: 08 ■ قیمت: 02 روپے ■ صفحات: 08 ■ شمارہ نمبر: 227 ■ جلد: 14

اسمبلی انتخابات کے بعد جموں وکشمیر میں حکومت سازی کے عمل میں تیزی

عمر عبداللہ وزیر اعلیٰ ہوں گے

کانگریس سے حمایت ملنے کے بعد راج بھون میں حکومت سازی کا دعویٰ کیا جائے گا

سرینگر/10 اکتوبر//

جموں کشمیر میں حکومت سازی کے عمل میں تیزی کے بیچ نیشنل کانفرنس کی جانب سے لیجسلیچر پارٹی میٹنگ منعقد ہوئی جس میں عمر عبداللہ کو لیجسلیچر پارٹی کا چیئرمین منتخب کیا گیا۔ اسی دوران میٹنگ کے بعد ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ عمر عبداللہ جموں وکشمیر کے اگلے وزیر اعلیٰ ہوں گے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کانگریس سے حمایت کا خط ملے گا جس کے بعد راج بھون میں حکومت سازی کا دعویٰ کیا جائے گا۔ سی این آئی کے مطابق جموں کشمیر میں حکومت سازی کیلئے تیاریاں زوروں پر ہے جس کی تازہ پہل کے تحت سرینگر میں نیشنل کانفرنس کی لیجسلیچر میٹنگ منعقد ہوئی۔ میٹنگ کے اختتام کے بعد میڈیا سے بات کرتے ہوئے نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ لیجسلیچر پارٹی میٹنگ میں عمر عبداللہ کو چیئرمین منتخب کیا گیا جس کا مطلب ہے کہ عمر پارٹی کے وزارت اعلیٰ کے امیدوار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عمر عبداللہ اب کانگریس سے حمایت کا خط حاصل کریں گے اور بورڈ میں 49

قانون سازوں کے ساتھ حکومت سازی کا دعویٰ کرنے کے لیے لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کریں گے۔ ڈاکٹر فاروق نے کہا ''لیجسلیچر پارٹی میٹنگ میں عمر کو چیئرمین کے طور پر منتخب کیا گیا ہے''۔ ادھر این سی ذرائع نے کہا کہ عمر کو ایل پی چیئرمین کے طور پر منتخب کرنے کا مطلب ہے کہ عمر عبداللہ نیشنل کانفرنس کے وزیر اعلیٰ امیدوار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ''عمر اب کانگریس سے حمایت کا خط حاصل کریں گے اور بورڈ میں موجود تمام 49 قانون سازوں کے ساتھ حکومت سازی کا دعویٰ کرنے کے لیے ایک یا دو دن میں ایل جی سے ملاقات کریں گے''۔ میٹنگ میں موجود ایک نیشنل کانفرنس کے لیڈر نے بتایا کہ نیشنل کانفرنس کانگریس اتحاد سنیچر وار تک حکومت سازی کا دعویٰ پیش کرے گا۔ انہوں نے کہا ''کل کانگریس کی میٹنگ ہے اور آج ہم پہلے ان کی حمایت حاصل کریں''۔ انہوں نے کہا کہ میٹنگ میں تمام نو منتخب اراکین نے متحد رہنے اور عوام کی فلاح و بہبود کیلئے کام کرنے کے عزم کا اظہار کیا جنہوں نے حال ہی میں ختم ہونے والے---101

جموں وکشمیر میں ووٹ شیئر میں اضافہ: نڈا

سرینگر/10 اکتوبر//

بی جے پی کی جانب سے ہریانہ اسمبلی انتخابات میں اکثریت حاصل کرنے پر پارٹی کے صدر جے پی نڈا نے خوشی کا اظہار کیا اور وزیر اعظم نریندر مودی کو ملک میں سیاست کی روایت کو تبدیل کرنے کا سہرا دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ جموں وکشمیر میں ہمارے ووٹ شیئر میں اضافہ یہ سب لوگوں کے وزیر اعظم مودی کی قیادت میں دکھائے گئے اعتماد---103

نیشنل کانفرنس ممبرانِ اسمبلی کا غیر معمولی اجلاس

پارٹی منشور پر من و عن عملدر آمد کر کے عوام کو راحت پہنچائے گی: ڈاکٹر فاروق

سرینگر/10 اکتوبر//

جموں وکشمیر نیشنل کانفرنس کی نو منتخب ممبران اسمبلی (لیجسلیچر پارٹی) کا ایک غیر معمولی اجلاس آج پارٹی ہیڈ کوارٹر نوائے صبح کمپلیکس میں پارٹی صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں پارٹی کے نائب صدر عمر عبداللہ، جنرل سکریٹری حاجی علی محمد ساگر سمیت پارٹی کے 42 ممبران اسمبلی نے

شرکت کی۔ کشمیر نیوز سروس کو موصولہ بیان کے مطابق پارٹی صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے تمام ممبران اسمبلی کو شاندار کامیابی پر مبارکباد پیش کی اور ہدایت کی کہ وہ خود عوام کیلئے وقف رکھیں اور ہر حال میں لوگوں کی راحت رسانی کے کاموں میں جٹ جائیں۔ انہوں نے کہا کہ جموں وکشمیر کے عوام گذشتہ 10 سال خصوصاً 5 اگست 2019 کے بعد سخت ترین مشکلات سے دوچار ہیں اور ہماری اولین ترجیح عوام کو راحت پہنچانا ہے اور پارٹی نے جس---102

جموں وکشمیر کو ریاست کا درجہ بحال کرنا ہوگا، جلد از جلد بحال ہونے کی امید

370 این سی کے سیاسی نظریے کا حصہ ہے لیکن یہ کوئی جنگ نہیں جو کل ختم ہونے والی ہے: عمر عبداللہ

سری نگر: ۱۰، اکتوبر//

حالیہ اسمبلی انتخابات میں کل 90 حلقوں میں سے 42 حلقوں میں کامیابی حاصل کر کے سب سے بڑی جماعت کے طور پر ابھرنے والی نیشنل کانفرنس کے نائب صدر اور ٹھیک 9 سال بعد دوسری مرتبہ وزیر اعلیٰ کا عہدہ سنبھالنے والے 54 سالہ عمر عبداللہ نے واضح کیا ہے کہ اب بیوروکریٹس کو اب منتخب حکومت کے سامنے جوابدہ ہونا پڑے گا۔ انہوں نے کہا کہ اب کوئی ڈپٹی کمشنر منتخب عوامی نمائندے یعنی ممبر اسمبلی کو نظر انداز نہیں کر سکتا ہے، اور نہ کسی ضلع میں تعینات ایس ایس پی کوئی من مانی کر سکتا ہے۔ عمر عبداللہ نے مرکز کیساتھ کسی معاملے

پر مخاصمت کا راستہ اپنانے کے بعد مفاہمت کی راہ لینے کا ارادہ ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ نیشنل کانفرنس اور کانگریس اتحاد کی حکومت کا ایک مشترکہ کم از کم پروگرام ہوگا۔ جے کے این ایس کے مطابق اسمبلی انتخابات کے نتائج سامنے آنے کے بعد نیشنل کانفرنس کے نائب صدر---104

موسم نے بدلی کروٹ، بالائی علاقوں میں موسم کی تازہ برفباری

موسمی صورتحال میں تبدیلی سے وادی شدید سردی کی لپیٹ میں

سرینگر/10 اکتوبر//

وادی کشمیر کے پہاڑی علاقوں میں تازہ برفباری سے سفید چادر بچھ گئی جس کے بعد سردی کی لہر میں اضافہ ہو گیا ہے۔ ادھر محکمہ موسمیات نے اگلے 24 گھنٹوں تک ہلکی سے درمیانی درجے کی بارشوں اور برفباری کی پیشگوئی کرتے ہوئے بتایا کہ آئندہ کچھ دنوں تک موسم سازگار رہنے کی پیشگوئی کی ہے۔ سی این آئی کے

مطابق وادی کشمیر کے بالائی علاقوں میں رواں موسم کی تازہ برفباری ریکارڈ کی گئی ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق وادی اور لداخ کے پہاڑوں پر ہلکی برفباری ریکارڈ کی گئی۔ محکمہ موسمیات کے مطابق رات کے دوران موسم---105

متفقہ پارٹی لیڈر منتخب کرنے پر عمر پارٹی کارکنان کے مشکور

7 میں سے 4 آزاد MLAs نے NC کو حمایت دی

سری نگر: ۱۰، اکتوبر//

نیشنل کانفرنس کے نائب صدر اور حالیہ انتخابات میں دو حلقوں سے منتخب ہونے والے سابق وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے جمعرات کو پارٹی کے قانون سازوں کا شکریہ ادا کیا کہ انہوں نے انہیں اپنا لیڈر منتخب کیا تاکہ وہ جموں وکشمیر میں حکومت بنانے کا دعویٰ پیش کر سکیں۔ جے کے این ایس کے مطابق نیشنل کانفرنس سے وابستہ منتخب ہوئے ارکان اسمبلی کی میٹنگ کے بعد عمر عبداللہ نے صحافیوں کو بتایا کہ آپ اس فیصلے سے واقف ہیں کہ نیشنل کانفرنس لیجسلیچر پارٹی کی میٹنگ ہوئی، لیجسلیچر پارٹی نے اپنے لیڈر کا فیصلہ کیا ہے اور میں دل کی گہرائیوں سے پارٹی قانون سازوں کا شکر گزار ہوں کہ انہوں نے مجھ پر اپنا اعتماد ظاہر کیا اور مجھے حکومت سازی کا دعویٰ کرنے کا موقع دیا۔ متفقہ پارٹی کا لیڈر منتخب ہونے کے بعد عمر عبداللہ نے کہا کہ 7 میں سے 4 آزاد ایم ایل اے نے---106

تنظیم نو ایکٹ 2019 نئی حکومت کیلئے پہلا بڑا امتحان

وزارتی کونسل کا حجم زیادہ سے زیادہ 10 ممبران اسمبلی میں سے ایک اسپیکر اور ایک ڈپٹی اسپیکر ہوگا

سری نگر: ۱۰، اکتوبر//

جموں خطے کے مختلف حلقوں سے بطور آزاد امیدوار کم از کم 6 منتخب ارکان اسمبلی کے امکانی طور پر نیشنل کانفرنس اور کانگریس میں شامل ہونے کے بعد اس اتحاد کے ممبران کی تعداد 54 ہو سکتی ہے، جو 48 کے اکثریتی ہندسے سے 6 زیادہ ہے۔ 90 رکنی کیلئے 5 ممبران کو نامزد کیا جائے گا، اور یوں ایوان کی کل تعداد 95 ہوگی۔ جے کے این ایس کے مطابق اگرچہ نیشنل کانفرنس اور کانگریس اتحاد 90 کے ایوان میں 54 ارکان اسمبلی کی حمایت لیکر حکومت بنا رہا ہے تاہم اگست 2019 کے فیصلے کی رو سے جموں وکشمیر کے یونین ٹریٹری بن جانے کے پیش نظر نئی حکومت سازی کوئی آسان کام نہیں ہوگی، کیونکہ کابینہ کا حجم کم ہوگا اور اس میں ارکان اسمبلی کا بطور وزیر انتخاب بڑا مشکل مرحلہ ہوگا۔ ایسے اشارے ملے تھے کہ منڈیٹ نہ ملنے پر ناراض ہو کر بطور آزاد امیدوار الیکشن لڑ کر جیت حاصل کرنے والے پیارے لال شرما، مظفر خان اور چودھری محمد اکرم کا جھکاؤ نیشنل کانفرنس کی طرف ہے جبکہ ستیش شرما اور ڈاکٹر رومیشور سنگھ ابھی بھی اپنے آپشنز پر غور کر رہے ہیں۔ اگر 3 آزاد امیدوار این سی کا ساتھ دیتے ہیں تو پارٹی کی تعداد 45 ہو جائے گی، جو کہ 48 کے---107

کشمیر سے کنیا کماری تک سائیکلنگ مہم کو

چیف سیکریٹری نے جھنڈی دکھا کر روانہ کیا

سرینگر/10 اکتوبر//

چیف سکریٹری اٹل ڈلو نے آج پولو ویو گراؤنڈ سے ہندوستان کی سب سے طویل سائیکلنگ مہم کو جھنڈی دکھا کر روانہ کیا جو ملک کے سب سے دور کنیا کماری پر اختتام پذیر ہوگی۔ یہ مہم بنیادی طور پر انڈین آئل کارپوریشن لمیٹڈ (IOCL) کی طرف سے سپانسر کی گئی ریس ایکروس انڈیا' کا دوسرا ایڈیشن ہے جس میں اس سال قومی اور بین الاقوامی سائیکل سواروں سمیت 22 ٹیموں نے حصہ لیا۔ یہ ریس اپنی نوعیت کی پہلی ریس ہے جس میں عمر کے مختلف زمروں اور پیشوں کے لوگ حصہ لے رہے ہیں۔ کشمیر نیوز سروس (کے این ایس) کے مطابق اس موقع پر چیف سکریٹری نے جموں---108

ہند چین تناؤ کے بیچ سکم کے گنگٹوک میں

دو روزہ فوجی کمانڈروں کی کانفرنس شروع، وزیر دفاع آج خطاب کرینگے

سرینگر/10 اکتوبر//

مشرقی لداخ میں حقیقی کنٹرول پر ہند چین تناؤ کے بیچ پہلی بار چین کے ساتھ لگنے والی سرحد کے قریب فوجی کمانڈروں کی دو روزہ کانفرنس سکم میں شروع ہوئی۔ اس کانفرنس کا افتتاح فوجی سربراہ جنرل اوپیندر دیویدی نے کیا جبکہ وزیر دفاع راجناتھ سنگھ آج کانفرنس سے خطاب کریں گے۔ اس کانفرنس میں سیکورٹی خدشات کو دبانے پر توجہ مرکوز کی جائے گی، خاص طور پر ایل اے سی کے ساتھ جاری صورتحال، لداخ اور اروناچل پردیش کے حساس علاقوں پر خصوصی توجہ دی جائے گی۔ سی این آئی کے مطابق بھارت اور چین کے درمیان مشرقی لداخ میں حقیقی کنٹرول لائن پر جاری تناؤ کے بیچ سکم کے گنگٹوک میں دو روزہ فوجی کمانڈروں کی کانفرنس شروع ہوئی۔ فوج کے تمام سینئر کمانڈر---113

نیند نہیں آرہی؟ تو یہ چند حیران کن طریقے آزمائیں

رات گئے تک جاگنے والے اکثر افراد ان علامات کو بخوبی جانتے ہوں گے جب انہیں بستر پر نیند کے انتظار میں کروٹیں بدلنا پڑتی ہیں، تاہم اگر آپ کا خیال ہے کہ بستر پر لیٹے رہنا نیند لانے کا باعث بنتا ہے تو آپ کو ایک بار پھر سوچنا درحقیقت آپ ایسا بہت کچھ کرسکتے ہیں جو دیکھنے یا سننے میں تو عجیب لگے گا مگر نیند کے حصول میں مددگار ثابت ہوسکے گا۔ جی ہاں یہ ٹرکس چند ماہرین طب کی ہیں جو اکثر بےخوابی کے شکار افراد کے لیے مددگار ثابت ہوسکیں گے۔ اگر آپ بھی اکثر بستر پر کروٹیں بدلتے رہتے ہیں تو درج ذیل طریقوں کو آزما کر ضرور دیکھیں۔ جاگنے کی کوشش کریں جی ہاں اگر آپ فوری نیند چاہتے ہیں تو جاگنے کے بارے میں سوچیں، یہ پڑھنے میں عجیب ضرور لگے گا مگر ماہرین کے مطابق جن لوگوں کو سونے میں مشکلات کا سامنا ہوتا ہے انہیں سونے کی بجائے جاگنے کے بارے میں سوچنا چاہیے، ماہرین کے مطابق اکثر نیند نہ آنے کی وجہ کسی قسم کی ذہنی بے چینی یا پریشانی ہوسکتی ہے تو نیند کے بارے میں فکرمند ہونے کی بجائے جاگنے کا سوچیں، جس سے ذہنی بے چینی کم ہوگی اور ذہن کو سکون ملے گی جس سے سونے میں مدد ملے گی۔ جرابیں پہن لیں یہ طریقہ گرم علاقوں میں زیادہ کارآمد نہیں، تاہم اگر سونے سے پہلے پیر ٹھنڈے ہوں تو دماغ کو ایسا سگنل ملتا ہے کہ ابھی سونے کا وقت نہیں ہوا، پیروں کو جرابوں کے ذریعے گرم کیا جائے تو اس سے خون کی شریانوں کو سکون ملتا ہے اور دماغ کو لگتا ہے کہ یہ سونے کا وقت ہے، اس طرح یہ حرارت جسم کو سونے کے لیے تیار کرتی ہے۔ آسان الفاظ میں پیروں کو گرم رکھنا بےخوابی کی شکایت دور کرتا ہے جبکہ نیند بھی بہت جلد آتی ہے۔ بستر سے نکل کر کچھ کریں پیسلوانیا یونیورسٹی اسکول آف میڈیسین کی ایک تحقیق میں بتایا گیا کہ اگر نیند نہ آرہی ہو تو اس سے نجات کا طریقہ بہت آسان ہے۔ تحقیق میں اکثر بےخوابی کے شکار رہنے والے 416 افراد کا جائزہ ایک سال تک لیا گیا اور یہ نتیجہ نکالا گیا کہ نیند نہ آنے پر بستر سے باہر نکل کر کسی اور سرگرمی میں حصہ بننا جلد سونے میں مدد دیتا ہے۔ محققین کا کہنا تھا کہ اگر آپ کو رات کو سونے میں مشکل کا سامنا ہوتا ہے تو بستر سے باہر نکلیں اور کسی کتاب کا مطالعہ کریں یا کچھ لکھنا شروع کردیں۔ کسی تیل سے مدد لیں طبی تحقیقی رپورٹس کے مطابق جسم کو سکون پہنچانے والے تیل جیسے گرمیوں میں ناریل کے تیل کو پیروں، سر اور کانوں کے پیچھے سونے سے پہلے لگائیں جبکہ سردیوں میں یہ کام تلوں کے تیل سے کریں، جس سے فوری نیند میں مدد ملے گی۔ کیلے کی چائے کیلے اور دارچینی سے بننے والی یہ چائے وٹامنز اور منرلز سے بھرپور ہوتی ہے جو کہ نیند آنے اور گہری نیند کو برقرار رکھنے میں مدد دیتے ہیں۔ اس کے علاوہ کیلے میں موجود پوٹاشیم بلڈ پریشر کو ریگولیٹ کرنے کے ساتھ ساتھ اعصابی نظام کو بھی معاونت فراہم کرتا ہے۔ اسی طرح میگنیشیم مسلز کو سکون فراہم کرتا ہے جبکہ وٹامن بی سکس آپ کے جسم کو ایسے کیمیکلز بنانے میں مدد دیتا ہے جو نیند کے نظام کو کنٹرول کرتے ہیں۔ اسی طرح دارچینی بھی بلڈ شوگر لیول کو کنٹرول کرنے میں مدد دیتا ہے، اگر آپ کو علم نہ ہو تو جان لیں کہ بلڈ شوگر لیول میں اضافہ نیند کو دور بھگاتا ہے۔ سانس لینے کا مخصوص طریقہ ہارورڈ یونیورسٹی کے ایک ماہر نے بےخوابی کا ایک آسان حل پیش کیا ہے اور اس کی مدد سے آپ ایک منٹ میں سونے میں کامیاب ہوسکتے ہیں۔ ہارورڈ کے ڈاکٹر اینڈریو ویل کے مطابق یہ ایک قدرتی ٹوٹکا ہے جو صدیوں سے مختلف افراد استعمال کررہے ہیں۔ اس طریقے کو 4-7-8 کا نام دیا گیا ہے۔

صحت مند دانت صحت مند زندگی کی ضمانت

آج دنیا بھر میں دانتوں کی صحت کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ صحت مند دانت، صحت مند جسم اور صحت مند زندگی کے لیے ضروری ماہرین کا کہنا ہے کہ لوگ عموماً دانتوں کی صحت کو نظرانداز کردیتے ہیں کیونکہ ان کا خیال ہے کہ دانتوں کا علاج مہنگا ہوتا ہے۔ ان کے مطابق کسی پیچیدگی یا تکلیف کی صورت میں تو فوراً ماہر دندان سے رجوع کرنا چاہیے، تاہم دانتوں کا خیال رکھ کے آپ دانتوں کی صحت اور ان کی عمر میں اضافہ کرسکتے ہیں۔ ماہرین دندان تجویز کرتے ہیں کہ دن میں 2 بار دانتوں پر برش کرنے (عموماً صبح سو کر اٹھنے کے بعد اور رات سونے سے قبل)، ماؤتھ واش استعمال کرنے اور فلاس کرنے سے دانت اور مسوڑھے صاف اور صحت مند رہتے ہیں۔ ان کے مطابق دانتوں کی صحت کے لیے مسواک بھی بہت مفید ہے۔ علاوہ ازیں سال میں ایک مرتبہ ڈینٹسٹ سے اپنے دانتوں اور منہ کا معائنہ ضرور کروانا چاہیے۔ دانتوں کو صحت مند رکھنے کے لیے آسان تجویز آسٹریلوی طبی ماہرین کے مطابق چقندر کے باقاعدہ استعمال سے دانتوں کے امراض کو کم کیا جاسکتا ہے۔ چقندر کا استعمال خون میں اضافے کے ساتھ ساتھ دانتوں کی حفاظت بھی کرتا ہے۔ ان کے مطابق چقندر میں موجود غیر نامیاتی نائٹریٹ جسم میں داخل ہوکر نائٹرک آکسائیڈ میں تبدیل ہوجاتا ہے اور دانتوں کی حفاظت کرتا ہے۔ علاوہ ازیں مندرجہ ذیل غذاؤں کا استعمال کرکے دانتوں کو موتیوں کی طرح چمکدار بنایا جاسکتا ہے۔ اسٹرابیری دانتوں کو جگمگانے کے لیے سب سے آزمودہ شے اسٹرابیری ہے۔ اس میں شامل اینٹی آکسیڈنٹس دانتوں کی صحت کے لیے فائدہ مند ہیں اور ان کا باقاعدہ استعمال دانتوں کو جگمگا دیتا ہے۔ کھانے کے علاوہ اسٹرابیری کو کچل کر دانتوں پر لگایا بھی جاسکتا ہے مگر یاد رہے اسے براہ راست لگانا دانتوں کی حفاظتی تہہ کو نقصان پہنچا سکتا ہے لہٰذا اسے احتیاط سے استعمال کیا جائے۔ بیکنگ سوڈا دانتوں کی صفائی کا سب سے آسان طریقہ بیکنگ سوڈا کا استعمال بھی ہے۔ بیکنگ سوڈا کو ٹوتھ پیسٹ کی طرح ٹوتھ برش کی مدد سے دانتوں پر لگالیں واضح فرق محسوس ہوگا۔ لیموں اور نمک دانتوں کی صفائی کے لیے لیموں اور نمک کا آمیزہ بھی بہترین ہے۔ لیموں کا رس نکال کر اس میں اتنا نمک ملائیں کہ پیسٹ بن جائے۔ اب ٹوتھ برش کی مدد سے اس آمیزے سے دانتوں کی صفائی کریں۔

ایک سیب روز کھانا کیوں ضروری ہے؟

کہا جاتا ہے کہ ایک سیب روزانہ کھانے کی عادت ڈاکٹر کو دور رکھتی ہے جس کو طبی سائنس کافی حد تک درست بھی مانتی ہے۔ مگر کیا آپ جانتے ہیں کہ آخر ایک سیب روزانہ ڈاکٹر کو دور کیسے رکھ سکتا ہے؟ درحقیقت یہ ایک جادوئی پھل ہے جو اینٹی آکسائیڈنٹس، وٹامنز، فائبر اور دیگر غذائی اجزا سے بھرپور ہوتا ہے جس کی دنیا بھر میں ساڑھے 7 ہزار سے زائد اقسام دستیاب ہیں۔ یہ پھل صحت کے لیے ہی فائدہ مند نہیں بلکہ اس کے ساتھ مٹھاس کی خواہش کو بھی پوری کرتا ہے جبکہ پیٹ کو بھرنے میں میں بھی مدد دیتا ہے۔ تو جانیں کہ سیب کو روزانہ کھانا آپ کو کس حد تک فائدہ پہنچا سکتا ہے۔ جسم سے زہریلے مواد کا اخراج سیب میں فلیونوئڈز اور نباتاتی کیمیکلز ہوتے ہیں جو کہ انتہائی طاقتور اینٹی آکسائیڈنٹس ہیں جو جسم میں گردش کرنے والے خطرناک فری ریڈیکلز سے لڑنے میں مدد دیتے ہیں، یہ فری ریڈیکلز خلیات، ڈی این اے اور ان کے افعال کے لیے تباہ کن ثابت ہوتے ہیں۔ جسمانی توانائی بڑھائے سیب میں موجود مٹھاس جسم کو گلوکوز اور دیگر اجزا فراہم کرتی ہے جس سے جسمانی توانائی میں فوری اضافہ ہوتا ہے۔ بھوک محسوس ہونے یا بلڈ شوگر لیول کم ہونے پر سامنے آنے والے مسائل پر ایک سیب کھالینا مددگار ثابت ہوسکتا ہے۔ خون کی کمی دور کرے سیب میں آئرن کی مقدار کافی زیادہ ہوتی ہے جو خون میں ہیموگلوبن کی سطح بڑھا کر خون کی کمی یا انیمیا کا علاج کرتا ہے، یہ پھل نہ صرف خون کے سرخ خلیات کو ریگولیٹ کرتا ہے بلکہ اعضا تک آکسیجن کی مناسب فراہمی کو بھی یقینی بنانے میں مدد دیتا ہے۔

حکومت کی 59 کمپنیوں کے خلاف کارروائی، کروڑوں مالیت کی ادویات ضبط

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے قومی صحت سروسز (این ایچ ایس) عامر محمود کیانی نے کہا کہ گزشتہ کچھ دنوں میں حکومت نے 59 کمپنیوں کی کروڑوں روپے مالیت کی 226 ادویات کو قبضے میں لیا ہے۔ پریس انفارمیشن ڈپارٹمنٹ میں صحافیوں سے بات چیت کرتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ یہ کمپنیاں زیادہ سے زیادہ ریٹیل قیمتوں (ایم آر پیز) سے اضافی قیمتوں پر ادویات فروخت کررہی تھیں جس پر ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان (ڈریپ) کو ان کمپنیوں کے خلاف کارروائی کی ہدایت کی گئی تھی۔ انہوں نے کہا کہ ہم قیمتوں میں اضافے کو برداشت نہیں کریں گے کیونکہ یہ براہ راست غریب عوام پر اثر انداز کرتی ہے۔ عامر محمود کیانی کا کہنا تھا کہ ادویات کی قیمتوں میں غیر قانونی اضافے میں ملوث دواساز کمپنیوں پر بھاری جرمانے عائد کیے گئے اور کراچی، لاہور اور پشاور میں ان کے خلاف آپریشن میں کروڑوں روپے کی ادویات کو قبضے میں لیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم نے ان ادویات کی مینوفیکچرنگ کو بھی روک دیا ہے جو ایم آر پیز کے مقابلے میں زائد قیمتوں پر فروخت ہورہی تھی، اس کے علاوہ نہ صرف ان کمپنیوں پر جرمانہ عائد کیا جارہا بلکہ اضافی رقم بھی ان سے وصول کی جائے گی۔ ایک سوال کے جواب میں ان کا کہنا تھا کہ روزانہ 65 ہزار صحت کارڈ پرنٹ کیے گئے ہیں اور سال کے اختتام تک تقریباً 5 کروڑ 50 لاکھ لوگ مفت طبی علاج کے حصول کے قابل ہوں گے۔ علاوہ ازیں ڈریپ کے صوبائی دفاتر کی جانب سے فیڈرل ڈرگ انسپکٹرز کو تجویز دی گئی ہے کہ وہ ادویات کی قیمتوں کی تصدیق کریں اور اگر ادویات کی قیمتیں زائد پائیں تو ڈریپ ایکٹ 2012 اور ڈرگ ایکٹ 1976 کے تحت فوری کارروائی کی جائے۔ اس حوالے سے ایک باضابطہ اعلامیے میں کہا گیا کہ ان دواساز کمپنیوں کے خلاف سخت کارروائی کا آغاز ہوگیا جنہوں نے غیر قانونی طور پر ادویات کی قیمتیں بڑھائیں، یہ ایکشن ان شکایات کے بعد کیا گیا جس میں بتایا گیا تھا کہ دواساز کمپنیوں نے حکومت کی جانب سے مقرر کی گئی ادویات کی قیمتوں میں زائد اضافہ کیا۔ دوسری جانب فارما بیورو کی ایگزیکٹو ڈائریکٹر عائشہ تمیی حق نے ڈان کو بتایا کہ بدقسمتی سے صورتحال بہت پیچیدہ ہے۔

دانتوں کی سفیدی واپس لانے میں مددگار غذائیں

سفید دانتوں کی چمک سے اپنی مسکراہٹ کو جگمگانا کس کی خواہش نہیں ہوتی اور لاتعداد افراد اس مقصد کے لیے ہزاروں روپے ڈینٹسٹ کو دے کر ان کی صفائی بھی کرواتے ہیں مگر اس مقصد کو حاصل کیا جائے؟ تو اس کا جواب بظاہر تو آسان ہے اور وہ ہے زیادہ برش کرنا مگر یہ کام اتنا بھی آسان نہیں۔ سب سے پہلے تو یہ جان لیں کہ دانتوں کی سفیدی کی دو اقسام ہوتی ہے بیرونی اور اندرونی۔ پہلی قسم میں دانتوں کے داغ دور کرکے سفیدی کو بحال کیا جاتا ہے یا اصل شکل میں واپس لایا جاتا ہے جبکہ دوسری قسم میں قدرتی سے زیادہ سفیدی لانے کی کوشش کی جاتی ہے۔ تو موتیوں جیسے سفید دانتوں کا راستہ ہوسکتا ہے آپ کے کچن میں چھپا ہو، جی ہاں کچھ غذائیں دانتوں کی سفیدی میں مدد فراہم کرتی ہیں۔ گوبھی گوبھی کو چبا کر کھانا دانتوں کی سفیدی واپس لانے میں مدد دے سکتا ہے، اگر کچی گوبھی چبانا مشکل ہو تو اسے پیس لیں اور پھر کھالیں، یہ سبزی دانتوں کی سطح پر موجود داغ دھبوں کو دور کرسکتی ہے، اس کو جتنا زیادہ چبائیں گے، اتنا زیادہ لعاب دہن بنے گا جو کہ داغوں کو ہٹانے میں مدد دے گا۔ اسٹرابیری یہ سرخ پھل کسی جادوئی پھل سے کم نہیں، یہ دانتوں کی سفیدی کے لیے ایک طاقتور ہتھیار ثابت ہوتا ہے جو کسی اچھے ریگ مال کی طرح کام کرنے کے ساتھ ساتھ وٹامن سی کے حصول کا اچھا ذریعہ بھی ہے۔ اسٹرابیری کو بیکنگ سوڈا کے ساتھ دانتوں کو جگمگانے کے لیے استعمال کیا جاسکتا ہے جبکہ اسے صرف کھانا بھی دانتوں کی سفیدی واپس لانے میں مدد دیتا ہے۔ پنیر اور دہی اگر تو آپ کے دانتوں پر پیلاہٹ جم رہی ہے تو اس سے نجات کے لیے پنیر ایک بہترین غذا ثابت ہوسکتی ہے۔ پنیر کیلشیم کے حصول کا بہترین ذریعہ ہے جو کیویٹز سے نجات میں مدد دیتا ہے۔ طبی تحقیقی رپورٹس کے مطابق ہائیڈروجن کی سطح دانتوں کی صحت کے لیے بہت اہمیت رکھتی ہے۔

موبائل و کمپیوٹر آلات موٹاپے کا باعث

ایک حالیہ تحقیق سے پتہ چلا ہے کہ موبائل و کمپیوٹر آلات چلانے سے انسان نہ صرف ذہنی تناؤ کا شکار بنتا ہے بلکہ اس سے موٹاپا بھی ہوتا ہے۔ اس سے قبل ہونے والی تحقیقات میں بھی یہ بات سامنے آچکی ہے کہ سوشل میڈیا کا زیادہ استعمال لوگوں میں ذہنی تناؤ پیدا کرنے سمیت انہیں مایوس کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ علاوہ ازیں یہ بات بھی سامنے آچکی ہے کہ زیادہ دیر تک بچوں اور کم عمر افراد کا ٹی وی دیکھنا، کمپیوٹر اور موبائل استعمال کرنا ان کے لیے نہ صرف موٹاپے کا باعث بنتا ہے بلکہ ان کے مزاج میں چڑچڑاپن بھی شامل ہوجاتا ہے۔ تاہم اب ہونے والی تحقیق کے مطابق نہ صرف موبائل و کمپیوٹر آلات استعمال کرنے بلکہ اس طرح کے دیگر ڈیجیٹل میڈیا آلات کے استعمال سے بھی لوگ موٹے ہوسکتے ہیں۔ سائنس جرنل 'برین امیجنگ اینڈ بیہیویئر' میں شائع تحقیق کے مطابق ماہرین نے ڈیجیٹل میڈیا کے استعمال اور اس کے جسمانی صحت پر اثرات کا جائزہ لیا۔ رپورٹ کے مطابق ماہرین نے 132 رضاکاروں کا ڈیجیٹل میڈیا آلات یعنی موبائل، کمپیوٹر، لیپ ٹاپ و آئی پیڈ جیسے آلات کے استعمال سے ان کی جسمانی صحت پر پڑنے والے اثرات کا جائزہ لیا۔ یہ بھی پڑھیں: ٹی وی کے سامنے زیادہ وقت گزارنے کا یہ نقصان جانتے ہیں؟ ماہرین نے رضاکاروں کی ذہنی و جسمانی صحت کا جائزہ لینے کے لیے نہ صرف ان کے ایم آر آئی ٹیسٹ کیے بلکہ ان سے ڈیجیٹل میڈیا استعمال کرتے وقت ان کے خیالات سے متعلق بھی دریافت کیا۔

کینسر کی اہم وجہ کیا ہے؟ جانیں انجلینا جولی کی کینسر سرجن سے

گوشت کا بہت زیادہ استعمال مختلف بیماریاں پیدا کرنے کا سبب بن سکتا ہے تاہم حال ہی ایک معروف سرجن نے اس کے ایک اور خطرناک نقصان کی طرف اشارہ کیا ہے۔ ہالی ووڈ کی معروف اداکارہ انجلینا جولی کے بریسٹ کینسر کا علاج کرنے والی سرجن کرسٹی فنک کا کہنا ہے کہ گوشت اور ڈیری مصنوعات بریسٹ کینسر کے خطرے میں اضافہ کرسکتی ہیں۔ کرسٹی ایک معروف بریسٹ کینسر سرجن ہیں اور انہوں نے انجلینا جولی سمیت ہالی ووڈ کے کئی بریسٹ کینسر میں مبتلا فنکاروں کا علاج کیا ہے۔ کرسٹی کے مطابق پروسیسڈ گوشت کینسر کے خلیات کی نشوونما میں اضافہ کرتا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ مختلف جانوروں کے گوشت کے پروٹین اور چکنائی پر جس طرح ہمارا جسم ردعمل دیتا ہے وہ خطرناک ہوتا ہے۔ سرجن کا کہنا ہے کہ ہماری مختلف بیماریوں کی 80 فیصد وجہ ہمارا غیر صحت مند طرز زندگی اور غیر متوازن غذائی عادات ہیں۔ مختلف سبزیوں کا روزانہ استعمال بریسٹ کینسر کے خطرے میں کمی کرتا ہے۔ انہوں نے تجویز دی کہ کینسر سمیت مختلف بیماریوں سے بچنے کے لیے سبزیوں اور پھلوں کا زیادہ اور گوشت کا کم سے کم استعمال کیا جائے۔ کرسٹی کا کہنا ہے کہ کھانے میں زیتون کے تیل کا استعمال کینسر کے خطرے میں 68 فیصد کمی کرتا ہے۔

نیند کا عالمی دن

کیا آپ جانتے ہیں ہم اپنی زندگی میں اپنی بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ اسی وقت کرسکتے ہیں جب ہم رات میں پرسکون نیند سوتے ہوں اور نیند کی کمی کا شکار نہ ہوں؟ پرسکون نیند کی اسی اہمیت کو اجاگر کرنے کے لیے ہر سال کی طرح آج یعنی مارچ کے تیسرے جمعے کو نیند کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ نیند پوری نہ ہونے سے سب سے پہلا اثر آپ کی جسمانی توانائی اور دماغی کارکردگی پر پڑتا ہے۔ نیند کی کمی سے آپ سارا دن تھکن اور سستی کا شکار رہیں گے۔ آپ اپنے کام ٹھیک طرح سے انجام نہیں دے سکیں گے، نہ ہی نئے تخلیقی خیالات سوچ سکیں گے۔ یہی نہیں نیند کی کمی آپ کو بدمزاج اور چڑچڑا بھی بنا سکتی ہے۔ طویل عرصے تک نیند کی کمی کا شکار رہنے والے افراد موٹاپے، ڈپریشن، ذیابیطس، ذہنی دباؤ اور امراض قلب کا شکار ہوجاتے ہیں۔ آج ہم آپ کو ان وجوہات سے آگاہ کرنے جارہے ہیں جو آپ کی پرسکون نیند کی راہ میں رکاوٹ بنتے ہیں۔ ٹی وی اور موبائل کا استعمال آج کے اس ترقی یافتہ دور میں ہر شخص باخبر رہنا پسند رہتا ہے۔ ٹی وی، اسمارٹ فون، کمپیوٹر کے ذریعہ ہم دنیا کے ہر کونے کی خبر جان سکتے ہیں۔ لیکن دراصل یہی چیز ہماری نیند کو سب سے زیادہ متاثر کرتی ہے۔ ٹی وی اور فون کی روشنی دماغ کو متحرک رکھتی ہے اور دماغ دن کے مطابق اپنے تمام افعال سرانجام دیتا ہے۔ اندھیرے میں ہمارے دماغ میں ایک ہارمون میلاٹونین متحرک ہوجاتا ہے جو نیند لانے میں معاون ثابت ہوتا ہے۔ اگر ہم سونے سے ایک گھنٹہ پہلے ٹی وی یا موبائل فون بند کردیں تو ہم پرسکون نیند سو سکتے ہیں۔

گردوں کا عالمی دن: دنیا بھر میں 85 کروڑ افراد گردوں کے مختلف امراض کا شکار

پاکستان سمیت دنیا بھر میں آج ورلڈ کڈنی ڈے یا گردوں کا عالمی دن منایا جارہا ہے۔ دنیا بھر میں اس وقت 85 کروڑ افراد گردوں کے مختلف امراض کا شکار گردوں کا عالمی دن منانے کا مقصد گردوں کے امراض اور ان کی حفاظت سے متعلق آگہی و شعور پیدا کرنا ہے۔ یہ دن ہر سال مارچ کی دوسری جمعرات کو دنیا بھر میں منایا جاتا ہے۔ رواں برس یہ دن 'گردوں کی صحت، ہر جگہ سب کے لیے' کے عنوان سے منایا جارہا ہے۔ ایک محتاط اندازے کے مطابق دنیا بھر میں ہر سال 24 لاکھ اموات گردوں کے مختلف امراض کی وجہ سے ہوتی ہیں اور یہ امراض موت کا چھٹا بڑا سبب بن چکے ہیں۔ عالمی ادارہ صحت کے مطابق کینسر اور گردوں کے امراض سمیت دیگر کئی امراض سے موٹاپے کا براہ راست تعلق ہے۔ موٹاپے کا شکار افراد کو گردوں کے مختلف مسائل لاحق ہونے کا قوی امکان پیدا ہوجاتا ہے۔ ماہرین کے مطابق کسی شخص کے موٹا ہونے کی صورت میں اس کے گردوں کو اضافی مقدار میں خون کی صفائی کرنی پڑتی ہے جو آہستہ آہستہ گردوں کی کارکردگی کو سست کرتا جاتا ہے۔ گردوں کے امراض آگے چل کر کسی شخص میں امراض قلب، ذیابیطس، بلند فشار خون، کولیسٹرول میں اضافے، مختلف اقسام کے کینسر اور ذہنی امراض کا سبب بن سکتے ہیں۔ یاد رہے کہ عالمی ادارہ صحت کے مطابق دنیا بھر کی ایک تہائی آبادی موٹاپے کا شکار ہے جس کے باعث وہ کئی اقسام کے خطرناک امراض کے خطرے کی براہ راست زد میں ہیں۔ ماہرین کا کہنا ہے کہ موٹاپے میں کمی کرنا گردوں کے امراض میں مبتلا ہونے کے امکان میں بھی کمی کرسکتا ہے۔

کیا کھانے کے بعد لیٹ جانا صحت کے لیے نقصان دہ ہے؟

کیا آپ نے کبھی سنا کہ کھانے کے فوری بعد لیٹنا صحت کے لیے اچھا نہیں بلکہ ایسا کرنے سے گریز کرنا چاہیے؟ اگر ہاں تو اس میں کس حد تک صداقت ہے اور اس سے کیا نقصان ہوسکتا ہے؟ تو اس کا جواب ہے کہ واقعی کھانے کے فوری بعد لیٹ جانا صحت کے لیے کوئی اچھی عادت نہیں بلکہ اس سے کچھ مسائل کا سامنا ہوسکتا ہے۔ اگر آپ کھانے کے فوری بعد لیٹ جاتے ہیں تو معدے میں موجود غذا حلق میں واپس آنے کا امکان ہوتا ہے جس کے نتیجے میں سینے میں جلن کی شکایت عام ہوجاتی ہے۔ اسی طرح اگر دوپہر کے کھانے کے فوری بعد لیٹ کر کچھ دیر کے لیے سوجاتے ہیں تو اس سے میٹابولزم سست ہوجاتا ہے جس سے وقت گزرنے کے ساتھ جسمانی وزن بڑھنے کا خطرہ پیدا ہوسکتا ہے۔ اسی طرح رات کو کھانے کے بعد سونے کے لیے لیٹ جانا اکثر نیند کو آنکھوں سے دور بھگا دیتا ہے اور ماہرین طب مشورہ دیتے ہیں کھانے کے کم از کم 2 گھنٹے بعد سونے کے لیے بستر پر جائیں۔ درحقیقت ہمارا جسم غذا کو سیدھی حالت یعنی کھڑے ہونے یا بیٹھے ہونے کی پوزیشن میں ہضم کرنے کے لیے بنا ہے، اگر آپ کھاتے ہی لیٹ جاتے ہیں تو جسم کاٹنے کو ہضم کرنے کی کوشش میں بدہضمی کا شکار بنا سکتا ہے۔ ویسے اس عادت کے نتیجے میں سب سے زیادہ امکان پیٹ پھولنے یا گیس زیادہ ہونے کا ہوتا ہے بلکہ ایسا لگ بھگ یقینی ہوتا ہے۔ تو کھانے کے بعد لیٹنے کو دل کرتا ہے تو اس سے آپ کو کوئی روک نہیں رہا مگر 15 یا 20 منٹ تک انتظار کرلینے میں کوئی برائی نہیں بلکہ مختلف خطرات ہی کم ہوتے ہیں۔

کھانا اعتدال سے کھائیے!

مرض بھگایئے ماہرین صحت کہتے ہیں کہ غذا سادہ کھاؤ اور جب تک پہلی غذا ہضم نہ ہو جائے، دوسری غذا نہ کھاؤ۔ ایک کھانے کے فوراً بعد کچھ اور کھانے سے معدہ خراب ہو جاتا ہے۔ معدہ چونکہ ہمارے جسم کا انتہائی اہم حصہ ہے لہٰذا اس کی خرابی بے شمار بیماریوں کو جنم دیتی ہے۔ اس بہت اہم نکتے کو ہم عام طور پر یاد نہیں رکھتے۔ کہا جاتا ہے کہ انسانی جسم میں تقریباً ہر بیماری کی بنیاد معدہ ہے۔ خراب معدہ کئی امراض کو حملے کی دعوت دیتا ہے۔ اکثر لوگوں کے ذہن میں یہ سوال گردش کرتا ہے "کھانے ہی سے تو ہمیں قوت ملتی ہے تو پھر زیادہ کھانے میں کیا مضائقہ ہے؟" اطبا کی تحقیق سے یہ بات سامنے آئی ہے کہ زیادہ کھانا صریحاً صحت کو نقصان پہنچاتا ہے۔ ہم مختلف قسم کی غذائیں کھاتے ہیں جن کے ہضم ہونے میں مختلف وقت لگتا ہے۔ بعض غذائیں جلد ہضم ہو جاتی ہیں بعض کو دیر لگتی ہے۔ جن لوگوں کے معدے کمزور ہوں یا وہ بوڑھے ہوں انہیں ہلکی یا جلد ہضم ہونے والی غذا کھانی چاہیے۔ جوان اور صحت مند آدمی مرغن اور دیر ہضم اشیاء کھا سکتے ہیں لیکن قاعدے قرینے سے۔ "قدیم اطبا نے غذا ہضم ہونے کے سلسلے میں جو تجربے کیے تھے، جدید غذائی تحقیق بھی ان کی تصدیق کرتی ہے۔ قدیم اور جدید معلومات کے مطابق سب سے ہلکی غذا ابلے ہوئے چاول ہیں لیکن یہ یاد رہے کہ ابالنے کے بعد چاول اپنی زیادہ تر غذائیت سے محروم ہوجاتے ہیں لہٰذا ساتھ دوسری غذائیت بخش غذا بھی کھانی چاہیے۔ چاولوں کی کھچڑی بھی جلد ہضم ہونے والی غذا ہے۔ دیگر ایسی غذاؤں میں اراروٹ، ساگودانہ، جو کا شوربا، کچا انڈا، ابلے اور پکے ہوئے پھل شامل ہیں۔ ان کے ہضم ہونے کا دورانیہ ڈیڑھ سے دو گھنٹے ہے۔ یہاں لوگوں کی سہولت کے لیے مختلف غذاؤں کے ہضم ہونے کے اوقات کا چارٹ شائع کیا جارہا ہے۔

ہریانہ میں شکست، مہاراشٹر میں کانگریس کا تناؤ بڑھ گیا

ممبئی// ہریانہ اور جموں کشمیر کے انتخابی نتائج میں کانگریس کی کارکردگی انتہائی خراب رہی ہے۔ اگرچہ پارٹی این سی کے ساتھ اتحاد کی وجہ سے حکومت بنا رہی ہے، لیکن وہاں بھی پارٹی کو صرف 6 سیٹیں ہی ملی ہیں۔ پارٹی نے ریاست میں 37 سیٹوں پر الیکشن لڑا تھا۔ دوسری بات یہ کہ ہریانہ میں تیسری بار جیت درج کرکے بی جے پی نے حکومت بنانے کا راستہ صاف کر دیا ہے۔ ایسے میں پارٹی کو لگنے والے دھچکے کے بعد کانگریس کے اپنے اتحادیوں کی مشکلات میں اضافہ ہونے لگا ہے۔ انڈیا بلاک کے کانگریس کے ساتھیوں نے پارٹی کو خود کا جائزہ لینے کا مشورہ دیا ہے۔ ہریانہ اور جموں و کشمیر کے اسمبلی انتخابات کے بعد اب جھارکھنڈ، دہلی اور مہاراشٹر کی باری ہے۔ مہاراشٹر میں شیوسینا اور این سی پی کے درمیان پھوٹ کی وجہ سے کانگریس کے لیے چیلنجز بڑھ گئے ہیں۔ جس کو کتنی سیٹ پر لڑنا ہے، اسمبلی انتخابات کے نتائج کے بعد، چاہے وہ ادھو گروپ کی شیوسینا ہو یا شرد پوار گروپ کی این سی پی (ایس پی)... دونوں سیٹوں کی تقسیم پر کانگریس کے لیے تناؤ پیدا کر سکتے ہیں۔ جس کا اشارہ ادھو گروپ کے راجیہ سبھا ایم پی اور پارٹی ترجمان پرینکا چترویدی نے دیا تھا۔ شیوسینا (یو بی ٹی) نے کانگریس کے خلاف محاذ کھول دیا۔ درحقیقت، شیوسینا (یو بی ٹی) کے رہنما اور راجیہ سبھا کی رکن پرینکا چترویدی نے کہا کہ جب کانگریس کے لیے جیتنے کا موقع تھا تو انہیں اس بات کو خود جانچ لینے کی ضرورت ہے، جب بھی براہ راست مقابلہ ہوتا ہے تو وہ کیوں ہارتے ہیں۔ مہاراشٹر کے لیے سیٹوں کی تقسیم پر بات چیت چل رہی ہے لیکن ہریانہ میں نتائج کے ساتھ، ہم اس پر بھی غور کریں گے۔ اہم بات یہ ہے کہ موجودہ نظام کو ختم کرنا ہے۔ ہمیں زمینی حقیقت کو بھی دیکھنا ہوگا۔ سماج وادی پارٹی نے اتحاد کے لیے کانگریس پر لعنت بھیجی۔ دوسری طرف سماج وادی پارٹی کے رکن پارلیمنٹ اور ترجمان راجیو رائے نے انڈین ایکسپریس کو بتایا کہ کانگریس کو یہ خیال ترک کرنا پڑے گا کہ وہ اپوزیشن انڈیا اتحاد کی قیادت کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کانگریس نے ہمیں ہریانہ کے انتخابات میں کوئی سیٹ نہیں دی اور یہ ٹھیک ہے کہ ہماری پارٹی کا ریاست میں کوئی بنیاد نہیں ہے۔ لوک سبھا انتخابات سے پہلے مدھیہ پردیش میں بھی ایسا ہی ہوا۔ جب کمل ناتھ نے پوچھا کہ اکھلیش یادو کون ہیں؟ کانگریس ہم سے ایسی سیٹیں مانگتی ہے، جہاں ان کے پاس کوئی عہدہ نہیں ہے، لیکن وہ ایسی ریاستوں میں سیٹیں بانٹنا نہیں چاہتی جہاں وہ مضبوط ہو۔ ٹی ایم سی نے کہا- علاقائی پارٹیاں طاقت ہیں۔ ایس پی ایم پی نے کہا کہ انہیں سمجھنا ہوگا کہ اتحاد کو باہمی احترام کی بنیاد پر چلایا جانا چاہیے اور مستقبل میں بھی اس پر عمل کیا جانا چاہیے۔ اسی طرح راجیہ سبھا کی رکن ساگریکا گھوش نے کہا کہ انڈیا بلاک میں علاقائی پارٹیاں اتحاد میں اہم طاقت ہیں۔ آپ لوک سبھا کے نتائج دیکھ سکتے ہیں۔ جہاں انڈیا بلاک نے اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کیا وہ ریاستیں تھیں جہاں کانگریس نے علاقائی جماعتوں کے ساتھ اتحاد کیا تھا۔ یہ علاقائی پارٹیاں ہیں جو براہ راست بی جے پی سے مقابلہ کر رہی ہیں اور اسے شکست دے رہی ہیں۔ کانگریس کو اس کا احساس کرنا چاہیے اور آنے والے انتخابات میں اپنے حلیفوں کو بہتر انداز میں جگہ دینا چاہیے۔

فلمیں اور سوشل میڈیا معاشرے میں تبدیلی لانے کا سب سے طاقتور ذریعہ ہیں/صدر جمہوریہ

نئی دہلی// صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے منگل کو نئی دہلی میں مختلف زمروں میں 70 ویں قومی فلم ایوارڈ پیش کیے۔ انہوں نے متھن چکرورتی کو سال 2022 کا دادا صاحب پھالکے لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ بھی پیش کیا۔ اس موقع پر صدر نے کہا کہ فلمیں اور سوشل میڈیا معاشرے میں تبدیلی لانے کا سب سے طاقتور ذریعہ ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہندوستانی سنیما دنیا کی سب سے بڑی فلم انڈسٹری ہے۔ جس میں کئی زبانوں اور ملک کے تمام خطوں میں فلمیں بنتی ہیں۔ یہ آرٹ کی سب سے متنوع شکل بھی ہے۔ انہوں نے تمام ایوارڈ جیتنے والوں کو مبارکباد دی اور فلم انڈسٹری سے وابستہ لوگوں کی تعریف کی۔ صدر مملکت نے متھن چکرورتی کو دادا صاحب پھالکے لائف ٹائم اچیومنٹ ایوارڈ ملنے پر مبارکباد دی۔ انہوں نے کہا کہ متھن جی نے صرف سنجیدہ کرداروں کو اسکرین پر پیش کیا ہے بلکہ اپنی منفرد توانائی کے ساتھ بہت سی سادہ کہانیوں کو بھی کامیابی سے پیش کیا ہے۔ فلمیں اگرچہ مختلف ہیں لیکن وہ سب ہندوستان کی عکاس ہیں۔ یہ فلمیں ہندوستانی معاشرے کے تجربات کا خزانہ ہیں۔ ان فلموں میں ہندوستانی روایات اور ان کا تنوع زندہ ہوتا ہے، صدر نے کہا کہ فلمیں اور سوشل میڈیا معاشرے میں تبدیلی لانے کا سب سے طاقتور ذریعہ ہیں۔ لوگوں میں بیداری پیدا کرنے میں یہ میڈیم بھی دوسرے میڈیم سے زیادہ اثر رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج تقسیم کیے گئے 85 سے زائد ایوارڈز میں سے صرف 15 ایوارڈ خواتین کو دیے گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ فلم انڈسٹری خواتین کی قیادت میں ترقی کے لیے مزید کوششیں کر سکتی ہے۔ صدر نے کہا کہ بامعنی فلموں کو اکثر ناظرین نہیں ملتے۔ انہوں نے باشعور شہریوں، سماجی تنظیموں اور حکومتوں پر زور دیا کہ وہ بامعنی سنیمائی ناظرین تک رسائی بڑھانے کے لیے مل کر کام کریں۔

آر جی کار میڈیکل قتل کیس: متاثرہ کے ساتھ گینگ ریپ نہیں ہوا ہی سی بی آئی کا دعویٰ

کولکاتا// کولکاتا کے آر جی کار میڈیکل کالج اور اسپتال میں ایک خاتون ڈاکٹر کے ساتھ پیش آنے والے ہولناک واقعہ پر آج بھی ملک بھر میں غصہ ہے۔ جونیئر ڈاکٹر انصاف اور کام کی جگہ کی حفاظت کا مطالبہ کرتے ہوئے سڑکوں پر ہیں۔ اس سب کے درمیان تقریباً دو ماہ کی تفتیش کے بعد سی بی آئی نے پہلی چارج شیٹ عدالت میں پیش کی ہے۔ اس چارج شیٹ میں گرفتار کولکاتا پولیس کے سوک والنٹیئر سنجے رائے کو واحد ملزم بنایا گیا ہے۔ اس میں ڈی این اے اور خون کے نمونوں کی رپورٹ جیسے 11 ثبوت پیش کیے گئے ہیں۔ درحقیقت، سی بی آئی نے آر جی کار میڈیکل کالج میں ٹرینی ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کیس میں کولکاتا پولیس کی تھیوری کو بھی آخر کار منظوری دے دی۔ عدالت میں داخل چارج شیٹ میں سی بی آئی نے گینگ ریپ کو مسترد کر دیا ہے۔ مرکزی ایجنسی نے واضح طور پر کہا کہ ملزم سنجے رائے واحد ملزم ہے۔ 9 اگست کی وہ خوفناک صبح کوئی نہیں بھول سکتا، جب کولکاتا کے آر جی کار میڈیکل کالج میں ایک خاتون ڈاکٹر کی لاش ملی تھی۔ جب معاملہ تنازع میں آیا تو انکشاف ہوا کہ ڈاکٹر کے ساتھ زیادتی ہوئی ہے۔ یہ معاملہ کولکاتا ہائی کورٹ سے سپریم کورٹ تک پہنچا اور پھر اس کی جانچ سی بی آئی کو سونپ دی گئی۔ واقعے کے تقریباً دو ماہ بعد بھی خاتون ڈاکٹر انصاف ملنے کے لیے پر امید دکھائی دیتی ہے۔ کلکتہ پولیس نے سنجے رائے کو 10 اگست کو ایک خاتون ڈاکٹر کی عصمت دری اور قتل کے معاملے میں گرفتار کیا تھا۔ دراصل، مرکزی تفتیشی بیورو (سی بی آئی) نے اس معاملے میں مرکزی ملزم سنجے رائے کے خلاف چارج شیٹ داخل کی ہے۔ چارج شیٹ میں سی بی آئی نے متاثرہ کے ڈی این اے، بال، متاثرہ کے جسم پر پائے گئے خون کے دھبے، یہاں تک کہ اس کے جسم پر پائے جانے والے زخموں، سی سی ٹی وی فوٹیج اور اس کے موبائل فون کے کال ڈیٹیل ریکارڈ کو رائے کے خلاف ثبوت کے طور پر بتایا ہے۔ چارج شیٹ میں یہ بھی بتایا گیا ہے کہ رائے کو اس وقت چوٹیں آئیں جب متاثرہ نے واقعے کے دوران خود کو بچانے کی کوشش کی۔ اتنا ہی نہیں، سی بی آئی نے یہ بھی کہا، سی سی ٹی وی فوٹیج کی مدد سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آر جی کار میڈیکل کالج اور اسپتال کی ایمرجنسی بلڈنگ کی تیسری منزل پر واقعہ کے دوران رائے موجود تھا۔ سی ڈی آر کے مطابق اس کے موبائل فون کی لوکیشن اس کی موجودگی کو ثابت کرتی ہے۔ مرکزی تحقیقاتی ایجنسی نے یہاں کی ایک مقامی عدالت میں داخل کی گئی چارج شیٹ میں متوفی خاتون کو وی کہا ہے۔ انھوں نے کہا، پوسٹ مارٹم کے دوران یہ بات سامنے آئی کہ اس کا (رائے کا) ڈی این اے متوفی وی کے جسم پر موجود تھا۔ اس کی جینز اور جوتوں پر وہی خون کے دھبے پائے گئے۔ مقامی پولیس نے ملزم کے بیان کے بعد 12 اگست کو یہ سامان برآمد کیا تھا۔ موقع سے ملے چھوٹے بال ملزم سنجے رائے کے بالوں سے ملتے ہیں۔

قومی مفادات کو چیلنج کرنے والے حالات سے نمٹنے کیلئے تیار رہنا ضروری

چنئی// فضائیہ کے سربراہ ایئر چیف مارشل اے پی سنگھ نے کہا ہے کہ فضائیہ کو قومی مفادات کو چیلنج کرنے والی کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیے تیار رہنے کی ضرورت ہے۔ موجودہ عالمی سلامتی کی صورتحال مسلسل بدل رہی ہے اور دنیا کے مختلف حصوں میں جاری تنازعات نے ایک مضبوط اور قابل فضائیہ کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ ایئر چیف نے یہاں تمبرم ایئر فورس اسٹیشن میں فضائیہ کے 92 ویں یوم تاسیس کے موقع پر کہا کہ جدید ترین ٹیکنالوجی کے ساتھ جدید اور 'آؤٹ آف دی باکس سوچ کو اپنانا آج کے ملٹی ڈومین ماحول میں فیصلہ کن کردار ادا کرے گا۔ ایئر چیف مارشل سنگھ نے اس بات پر زور دیا کہ یوم فضائیہ 2024 کا تھیم، "ہندوستانی فضائیہ: قابل، بااختیار، خود انحصاری" ہندوستانی فضائیہ کی امنگوں کا مکمل خلاصہ کرتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ "گزشتہ برسوں میں ہم بہتر ٹیکنالوجی کے ساتھ زیادہ طاقتور ہو گئے ہیں اور سسٹمز اور ہتھیاروں کے استعمال کی نئی سطحیں حاصل کر چکے ہیں۔ دفاعی تحقیق اور ترقی اور مینوفیکچرنگ کے شعبے میں خود انحصاری ہماری ترجیح ہے۔ ایم ایس ایم ای، اسٹارٹ اپس، انفرادی اختراع کاروں، پیشہ ور افراد، آر اینڈ ڈی اداروں اور ماہرین تعلیم کو شامل کرکے میک ان انڈیا پہل کی حمایت کے لیے ٹھوس اقدامات کیے گئے ہیں۔" فضائیہ کے سربراہ نے یوم فضائیہ کو فضائی جنگجوؤں کے لیے ایک موقع قرار دیا کہ وہ اپنے آپ کو قوم کی خدمت کے لیے وقف کر دیں، گزشتہ سال کا جائزہ لیں، کامیابیوں کا جشن منائیں، بہتری کے شعبوں کی نشاندہی کریں اور موجودہ اور مستقبل کے تقاضوں کو پورا کریں۔ گزشتہ سال کی کامیابیوں پر انہوں نے کہا کہ فضائیہ نے مختلف محاذوں پر اپنی صلاحیت کا لوہا منوایا ہے۔

آر بی آئی گورنر کا مالیاتی اداروں کو انتباہ

نئی دہلی// ریزرو بینک آف انڈیا (آر بی آئی) کے گورنر شکتی کانت داس نے بدھ کو غیر بینکنگ مالیاتی کمپنیوں (این بی ایف سی) کے خلاف کارروائی کا انتباہ دیا جو ترقی کو بڑھانے کے لیے غیر پائیدار طریقے اپنا رہی ہیں۔ دو ماہانہ مانیٹری پالیسی کے جائزے کا اعلان کرتے ہوئے آر بی آئی کے گورنر نے غیر بینکنگ مالیاتی اداروں سے سختی سے کہا کہ وہ ایماندار اور منصفانہ رہیں اور پائیدار طریقوں پر عمل کریں۔ داس نے کہا، یہ ضروری ہے کہ تمام این بی ایف سی بشمول مائیکرو فنانس ادارے اور ہاؤسنگ فنانس کمپنیاں، پائیدار کاروباری اہداف پر عمل کریں؛ پہلے تعمیل کا کلچر اپنائیں؛ ایک مضبوط رسک مینجمنٹ فریم ورک اپنائیں؛ منصفانہ طرز عمل کے ضابطہ کی پابندی کریں اور گاہک کی شکایات پر ایماندارانہ رویہ اختیار کریں۔ ریزرو بینک ان علاقوں کی قریب سے نگرانی کر رہا ہے اور اگر ضروری ہوا تو مناسب کارروائی کرنے سے نہیں ہچکچائے گا۔ انہوں نے خبردار کیا۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ آر بی آئی چاہتا ہے کہ این بی ایف سی اپنی اصلاح کریں۔ شکتی کانت داس نے کہا کہ این بی ایف سی سیکٹر نے گزشتہ برسوں میں "متاثر کن ترقی" ریکارڈ کی ہے۔ اس بات کو تسلیم کرتے ہوئے کہ اس طرح کے قرض دہندگان نے مالی شمولیت کے پالیسی مقصد میں مدد کی ہے، تاہم، انہوں نے افسوس کا اظہار کیا کہ کچھ این بی ایف سی جارحانہ طریقے سے کاروباری اہداف حاصل کرنے کے قابل نہیں ہیں۔ عمارت کے طریقوں اور رسک مینجمنٹ فریم ورک کے بغیر گورنر نے کہا کسی بھی قیمت پر ترقی کا ایک غلط طریقہ ان کی اپنی صحت کے لیے نقصان دہ ہوگا۔ کچھ ادارے ملکی اور غیر ملکی ذرائع سے سرمایہ اکٹھا کرنے کے بعد ضرورت سے زیادہ منافع کی تلاش میں ہیں۔ یہ تشویش اس وقت پیدا ہوتی ہے۔ غیر معقول حد سے زیادہ پروسیسنگ فیس اور معمولی جرمانے کے ساتھ شرحیں حد سے زیادہ ہو جاتی ہیں۔ داس نے مزید کہا کہ انہیں خدشہ ہے کہ یہ زیادہ لاگت اور زیادہ قرض کی وجہ سے مالی استحکام کے خطرات کا باعث بن سکتا ہے۔ انہوں نے تنظیموں سے اپنے ملازمین کے معاوضے کے طریقوں، متغیر تنخواہ اور ترغیبی ڈھانچے پر نظر ثانی کرنے کو بھی کہا، کیونکہ ان کا خیال ہے کہ ان میں سے کچھ خالصتاً ہدف پر مبنی ہیں اور اس کے نتیجے میں کام کی ثقافت اور خراب کسٹمر سروس ہو سکتی ہے۔

ہندوستانی فضائیہ کی 92 ویں سالگرہ موقع پر تھوائیس سے توانگ تک ڈاایو ویر وجیتا کار ریلی کو رسمی طور پر جھنڈی دکھا کر روانہ کیا گیا

نئی دہلی// ہندوستانی فضائیہ (آئی اے ایف) کی 92 ویں سالگرہ اور 1999 کی کارگل جنگ میں ہندوستان کی فتح کے 25 سال مکمل ہونے کے موقع پر، ڈاایو ویر وجیتا کار ریلی کو شاہراہوں کے مرکزی وزیر مملکت جناب ہرش ملہوترا نے 08 اکتوبر 2024 کو لداخ کے تھوائیس سے رسمی طور پر جھنڈی دکھا کر روانہ کیا۔ ایک ٹیم جس میں 50 سے زیادہ ہوائی جانباز، آرمی کے اہلکار، فضائیہ کے سابق اہلکار اور اتراکھنڈ وار میموریل (یو ڈبلیو ایم) کے ممبران شامل ہیں، تھوائیس، جو دنیا کے سب سے اونچائی والے ایئر فورس اسٹیشنوں میں سے ایک ہے، جو سطح سمندر سے 3068 میٹر بلند ہے، سے اروناچل پردیش میں توانگ تک روانہ ہوئی۔ آئی اے ایف- یو ڈبلیو ایم کار ریلی، جو کل 7000 کلومیٹر کا فاصلہ طے کرے گی، کو رکشا منتری جناب راج ناتھ سنگھ نے یکم اکتوبر 2024 کو نیشنل وار میموریل، نئی دہلی سے تھوائیس کو گرمجوشی سے رخصت کیا تھا۔ 29 اکتوبر 2024 کو توانگ میں اختتام پذیر ہونے سے پہلے لیہ، کارگل، سری نگر، جموں، چنڈی گڑھ، دہرادون، آگرہ، لکھنؤ، گورکھپور، دربھنگہ، باگڈوگرا، ہاشیمارا، گوہاٹی، تیز پور اور ویرنگ میں ٹھہرتے ہوئے 9 ریاستوں / مرکز کے زیر انتظام علاقوں سے گزرے گی۔ ریلی کے دوران یہ ٹیم نوجوانوں کے ساتھ بات چیت کرے گی اور انہیں مسلح افواج میں شامل ہونے کی ترغیب دے گی۔ اس کا مقصد لوگوں میں آئی اے ایف کی شاندار تاریخ اور مختلف جنگوں اور ریسکیو آپریشنز میں فضائی جانبازوں کی بہادری کے کارنامے کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے اور نوجوانوں کو مادر وطن کی خدمت کی طرف راغب کرنا ہے۔

امریکہ نے بھارت کو 175 ملین ڈالر مالیت کے تارپیڈو فروخت کرنے کی منظوری دی

نئی دہلی// ریاستہائے متحدہ کی حکومت نے ہندوستانی بحریہ کی طرف سے شامل کیے جانے والے ملٹی مشن MH-60R سی ہاک ہیلی کاپٹروں کے لیے ہندوستان کو 175 ملین ڈالر مالیت کے 53 MK-54 ہلکے وزن کے تارپیڈو کی فروخت کی تجویز کی منظوری دے دی ہے۔ امریکی کانگریس کو بائیڈن انتظامیہ کی جانب سے پیر کو جاری کردہ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے کہ اس فروخت سے واشنگٹن کی خارجہ پالیسی اور قومی سلامتی کے مقاصد میں دو طرفہ اسٹریٹجک تعلقات کو مضبوط بنانے میں مدد ملے گی اور بڑے دفاعی پارٹنر ہندوستان کی سلامتی کو بہتر بنایا جائے گا۔ مجوزہ فروخت ہندوستان کی اپنے MH-60R ہیلی کاپٹروں کے لیے آبدوز شکن ہتھیاروں کے ذخیرے کا حجم بڑھا کر موجودہ اور مستقبل کے خطرات سے نمٹنے کی صلاحیت کو بہتر بنائے گی۔ بحریہ نے مارچ میں ہی آبدوز کو شکار کرنے والے MH-60R سی ہاک ہیلی کاپٹروں کا اپنا پہلا اسکواڈرن تعینات کیا تھا، جو ہیلی کاپٹر MK-54 تارپیڈو اور دوسرے طریقے سے مارنے والے ہتھیاروں سے لیس ہیں۔

ندی کے بہاؤ میں لاپتہ لڑکی کا دوسرے روز بھی پتہ نہیں چل سکا

پتھورا گڑھ/نینی تال// اتراکھنڈ کے پتھورا گڑھ میں سریو ندی میں لاپتہ ہونے والی لڑکی کا دوسرے دن بھی پتہ نہیں چل سکا ہے۔ پولیس کی جانب سے سرچ آپریشن کیا جا رہا ہے۔ موصولہ اطلاع کے مطابق پتھورا گڑھ کے چھیکھی کی رہائشی دو سہیلیاں کرن اور سنگیتا پیر کی شام گنگولیہاٹ کے ہاٹ کالیکا مندر سے درشن کرکے اسکوٹی سے واپس گھر واپس آرہی تھیں۔ اسی دوران پنار پل کے قریب اسکوٹی کو حادثہ پیش آیا اور کرن سریو ندی میں گر گئی جس کی وجہ سے وہ تیز بہاؤ میں لاپتہ ہوگئی جبکہ سنگیتا کھائی میں کچھ دور جھاڑیوں میں پھنس گئی۔ حادثے کی اطلاع ملتے ہی المورہ کے دیا، گنگولی ہاٹ اور اسٹیٹ ڈیزاسٹر ریسپانس فورس (ایس ڈی آر ایف) کی جانب سے تلاشی مہم شروع کی گئی۔

شیوراج سنگھ چوہان نے مدھیہ پردیش میں مختلف اسکیموں کا آغاز کیا

بھوپال// مرکزی دیہی ترقی کے وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے مدھیہ پردیش کے بھیروندا میں دیہی ترقی کی وزارت کے دیہی خود روزگار پروگرام میں شرکت کی۔ انہوں نے پردھان منتری آواس یوجنا کے تحت آواس سکھی موبائل ایپ کا آغاز کیا اور 18 ریاستوں میں 100 کمیونٹی مینیجڈ ٹریننگ سینٹرز کا افتتاح کیا۔ انہوں نے پردھان منتری گرام سڑک یوجنا کے تحت 500 کلو میٹر پکی سڑکوں کا سنگ بنیاد رکھا اور گرام سڑک سروے اور پلاننگ ٹول کا آغاز کیا۔ اس کے علاوہ مدھیہ پردیش میں 5 نئے آر ایس ای ٹی آئی ٹریننگ سینٹر قائم کرنے کی منظوری دی گئی۔ مدھیہ پردیش کے وزیر اعلیٰ جناب موہن یادو، دیہی ترقی کے وزیر مملکت جناب کملیش پاسوان، مدھیہ پردیش کے پنچایتی راج کے وزیر جناب پرہلاد پٹیل، دیہی ترقی کے سکریٹری شیلیش کمار اور وزارت اور ریاستی حکومت کے کئی افسران اس تقریب میں موجود تھے۔ مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا کہ آج سے ملک بھر میں پکے گھروں کا سروے شروع ہو رہا ہے اور جو لوگ 2018 کے پکے گھروں کی فہرست میں رہ گئے تھے ان کے نام اب شامل کیے جائیں گے۔ یہ سروے 6 ماہ کے اندر مکمل کیا جائے گا تاکہ کوئی بہن بھائی اس سے محروم نہ رہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ لوگوں کے نام پردھان منتری آواس یوجنا میں شامل کیے جائیں گے چاہے ان کے پاس فون، موٹر سائیکل یا اسکوٹر ہو۔ لاڈلی بہنا کے ساتھ ساتھ لکھ پتی دیدی بنانے کی مہم بھی ملک بھر میں چلائی جائے گی۔ لکھ پتی دیدی کا مطلب ہے کہ ہر دیدی کی ہر ماہ 10 ہزار روپے سے زیادہ کی آمدنی ہونی چاہیے۔ حکومت ہند وزیر اعظم جناب نریندر مودی کی قیادت میں مسلسل کام کر رہی ہے۔

عدالت نے مروگھا مٹھ کے مہنت کو ضمانت دے دی

چتر درگ// کرناٹک کے چتر درگ ضلع کی ایک عدالت نے منگل کو مروگھا مٹھ کے مہنت شیومورتی شرن کو جنسی جرائم سے بچوں کے تحفظ (پوکسو) ایکٹ کے تحت جنسی زیادتی کے معاملے میں گواہوں سے پوچھ گچھ مکمل ہونے کے بعد منگل کو ان کی درخواست ضمانت منظور کر لی۔ ایڈیشنل ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن کورٹ نے شرن کو ضمانت دیتے ہوئے ان کے چتر درگ ضلع میں داخلے پر روک لگا دی ہے اور کہا کہ وہ داونگیرے میں مٹھ اکائی میں رہیں گے۔ ضمانت ملنے کے بعد، شرن نے قانونی کارروائی کے بارے میں امید ظاہر کرتے ہوئے کہا، میں صرف یہ کہوں گا کہ بھگوان کی کرپا سے میں آج جیل سے باہر ہوں۔ قانونی جنگ جاری ہے اور مجھے امید ہے کہ سچ کی فتح ہوگی۔ مروگھا مٹھ کے عبوری سربراہ بسوا پربھو سوامی نے عدالت کے فیصلے پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا، "ہمیں خوشی ہے کہ آخر کار وہ جیل سے رہا ہو گئے ہیں۔" شرن کو ستمبر 2022 میں گرفتار کیا گیا تھا اور تب سے وہ چتر درگ ڈسٹرکٹ جیل میں بند تھے۔ مٹھ کے زیر انتظام ادارے کی لڑکیوں کی جانب سے جنسی بدسلوکی کی شکایت درج کرانے کے بعد انہیں گرفتار کیا گیا تھا۔

جلیبی کو لے کر بی جے پی نے کانگریس کی چٹکی لی

چنڈی گڑھ// ہریانہ اسمبلی انتخابات کی گنتی کے دن جیسے ہی رجحان تبدیل ہوا، بی جے پی نے جلیبی کو لے کر کانگریس کی چٹکی لی۔ واضح رہے کہ دو دن پہلے ایگزٹ پول نے کانگریس کی واپسی کی پیشین گوئی کی تھی اور صبح کے رجحانات میں کانگریس آگے تھی۔ ہریانہ کانگریس نے اپنے ایکس ہینڈل پر 'رام-رام ہریانہ جلیبی دے مبارک' تاہم چند گھنٹوں کے بعد جب تصویر بدل گئی اور بی جے پی کے تقریباً 50 سیٹوں کی برتری کے ساتھ تیسری بار حکومت بنانے کے امکانات زور پکڑنے لگے تو ہریانہ بی جے پی کے "ایکس" ہینڈل پر مذکورہ کانگریس کے پوسٹ رام-رام ہریانہ ماتو رام جی (گوہانہ کے رہنے والے) آپ کی جلیبی، پان، گھی اور دودھ سب محفوظ ہیں

بھارتی فضائیہ کی 92 ویں سالگرہ پر CDS کی فضائیہ کے جنگجوؤں اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد

نئی دہلی//

چیف آف ڈیفنس اسٹاف (سی ڈی ایس) جنرل انل چوہان نے 8 اکتوبر، 2024 کو بھارتی فضائیہ (آئی اے ایف) کی 92 ویں سالگرہ کے موقع پر تمام فضائی جنگجوؤں، سابق فوجیوں اور ان کے اہل خانہ کو مبارکباد پیش کی ہے۔ سی ڈی ایس نے اپنے پیغام میں کہا کہ 1932ء میں اپنے قیام کے بعد سے بھارتی فضائیہ بہادری، کمال عمدگی اور قومی فخر کی ایک روشن مثال کے طور پر ابھری ہے۔ فضائی جنگجوؤں نے جنگوں اور انسانی امداد و ہمدردی کے مشنوں میں فیصلہ کن کردار ادا کرتے ہوئے بھارت کے آسمانوں کا دفاع کیا ہے۔ ان کی بے لوث خدمات، درستگی اور بہادری خوف کو متاثر کرتی ہے اور ان کی غیر متزلزل لگن اور بے مثال خدمات کے ثبوت کے طور پر کھڑی ہے۔ آج ہم اس وراثت کا احترام اور اعتراف کرتے ہیں۔ سی ڈی ایس نے کہا کہ ہم نے رافیل جیٹس اور اپاچی ہیلی کاپٹروں جیسے جدید پلیٹ فارمز کی شمولیت کے ساتھ اپنی صلاحیتوں کو بڑھانے میں اہم پیش رفت کی ہے۔ خود انحصاری پر آئی اے ایف کی توجہ ہلکے لڑاکا طیارہ تیجس اور ہلکے لڑاکا ہیلی کاپٹر پرچنڈ کی کامیاب تیاری کا باعث بنی ہے، جو دیسی اختراع کے لیے ہماری وابستگی کو ظاہر کرتی ہے۔ انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد اور قدرتی آفات سے نمٹنے کی کوششوں میں، ہمارے فضائی جنگجوؤں نے مختلف کارروائیوں میں غیر معمولی مہارت کا مظاہرہ کیا ہے، جس سے آئی اے ایف کی تیاری اور جوابدہی کی نشاندہی ہوتی ہے۔ مینٹیننس سپورٹ سنٹرز (ایم ایس ایس) کو تقویت دی گئی ہے، جس سے لڑاکا طیاروں کی بہترین کارکردگی کو یقینی بنایا جا رہا ہے اور ڈاؤن ٹائم کو کم کیا گیا ہے۔ ہم نے دوست ممالک کے ساتھ مشترکہ مشقوں اور تعاون میں حصہ لے کر اپنی بین الاقوامی شراکت داری کو مضبوط کیا ہے۔ ان مصروفیات نے ہماری آپریشنل قوت ارادی کو بڑھایا ہے اور عالمی ایوی ایشن کمیونٹی میں تعاون کو فروغ دیا ہے۔ جنرل انل چوہان نے کہا کہ ایک طاقتور تکنیکی قوت کے طور پر آئی اے ایف چوکس ہے اور یہ بھارت کی خود مختاری اور مفادات کی حفاظت کرتی ہے۔ یہ ٹیکنالوجی میں جدید ترین ترقیوں کو بروئے کار لانے، بین الاقوامی تعاون کو فروغ دینے اور ہمارے اہلکاروں کی مہارت کو فروغ دینے کے لیے پرعزم ہے۔

کیا دنیا 5079 میں ختم ہو جائے گی؟

مرزا ظفر بیگ

پراسرار اور مخفی علوم کی نابینا ماہر بابا وینگا کا تعلق بلغاریہ سے تھا جنھوں نے ایک زمانے میں جو حیرت انگیز پیش گوئیاں کی تھیں، ان میں Brexit (برطانیہ کی یورپی یونین سے علیحدگی) کے بارے میں بھی پہلے سے بتادیا گیا تھا اور امریکا میں ٹوئن ٹاورز پر حملے کی پیش گوئی بھی کی گئی تھی جس کے ساتھ ساتھ ISIS کے عروج اور دوسرے تاریخی واقعات کے بارے میں بھی بہت پہلے سے بالکل صحیح بتادیا گیا تھا۔

ہم سب جانتے ہیں کہ بابا وینگا کی امریکی ٹوئن ٹاورز پر حملے کی پیش گوئی بالکل ٹھیک نکلی اور یہ واقعہ عالمی دہشت گردی کا ایک اہم اور ناقابل فراموش واقعہ ثابت ہوا جس کے پوری دنیا پر ناقابل بیان اثرات مرتب ہوئے۔

بابا وینگا نامی اس بلغاروی خاتون کا 86 سال کی عمر میں جب انتقال ہوا تو اس سے پہلے ہی وہ یہ پیش گوئی بھی کرچکی تھیں کہ ہماری اس دنیا میں ہمیشہ کے لیے کیا کیا اہم اور ناقابل یقین تبدیلیاں آنے والی ہیں، ان میں ایک اہم تبدیلی 2164 کی بھی کی گئی تھی جس میں انہوں نے یہ بتایا تھا کہ اس زمانے میں جانوروں کی حالت اس حد تک بدل جائے گی کہ وہ آدھے انسان اور آدھے جانور بن جائیں گے۔ گویا انسان پورا انسان نہیں رہے گا اور وہ نصف جانور بن جائے گا۔ اس پیش گوئی کے بارے میں کچھ نہیں کہا جاسکتا کہ آیا یہ بھی سچ ثابت ہوگی یا نہیں، کیوں کہ ابھی 2164 کے آنے میں بہت وقت باقی ہے۔

اس کے ساتھ ساتھ بابا وینگا نے ایک اور حیرت انگیز پیش گوئی سنہ 2288 کے حوالے سے بھی کی تھی جس میں ان نابینا خاتون نے بتادیا تھا کہ اس دور میں ٹائم ٹریول یعنی ماضی اور مستقبل کے زمانوں میں انسان کا سفر ممکن اور آسان ہوجائے گا۔ یعنی ان کے کہنے کے مطابق انسان آنے والے وقت کے بارے میں پہلے سے جان لے گا اور پھر اس حوالے سے اس کی پیش بندی کے لیے اقدامات بھی کرلے گا۔ بلاشبہ یہ دونوں پیش گوئیاں یعنی انسان کے آدھا انسان اور آدھا جانور بننے والی پیش گوئی اور ٹائم ٹریول والی پیش بینی دونوں ہی اپنی جگہ بہت اہمیت رکھتی ہیں اور اگر سچ ثابت ہوسکیں تو ان کے اس دنیا پر جو بھی اثرات مرتب ہوں گے، ان سے کسی بھی طرح آنکھیں بند نہیں کی جاسکیں گی۔

اور اب بابا وینگا کی ایک اور انوکھی مگر پریشان کن پیش گوئی بھی منظر عام پر آگئی ہے جس میں آنجہانی نابینا خاتون نے یہ بتایا تھا کہ ہماری اس ہری بھری انسانوں سے آباد دنیا کا مکمل خاتمہ کب ہوگا، یعنی ہمارا یہ کرۂ ارض کس دور میں ہمیشہ کے لیے نیست و نابود ہوجائے گا۔

اور بلاشبہ یہ پیش گوئی قابل فکر بھی ہے اور قابل تشویش بھی، کیوں کہ اس پیش گوئی کا مطلب ہے، قیامت کی تاریخ کا اعلان! گویا بابا وینگا نے دنیا کے مکمل خاتمے کی پہلے سے پیش گوئی کردی تھی۔ کیا یہ پیش گوئی سچ ہوگی یا نہیں، اس کے بارے میں سائنس دانوں اور عالمی ماہرین نے ابھی تک کسی بھی حتمی خیال یا آرا، کا اظہار نہیں کیا ہے، اس پر ہم بعد میں بات کریں گے، مگر فی الوقت ہم بابا وینگا کے حالات زندگی کے بارے میں بات کریں گے کہ قدرت نے ان خاتون کو یہ خوبی یا صلاحیت کیسے عطا کردی کہ انہوں نے برسوں پہلے سے ہی آنے والے حالات کے بارے میں اہل دنیا کو بتادیا۔

☆بابا وینگا کا ابتدائی زمانہ:

بابا وینگا نے اپنا ابتدائی دور یعنی اپنا بچپن بڑے مشکل حالات میں گزارا تھا، لیکن ہمیشہ صبر و ہمت سے کام لیا، کبھی اپنے کٹھن حالات کے باعث پریشان نہیں ہوئیں، یہاں تک کہ وہ جب لڑکی تھیں، اس زمانے میں بھی انہوں نے کبھی اپنی زبان سے کوئی شکوہ یا شکایت نہیں کی، انہوں نے اسی دور میں یہ کہا تھا کہ 5079 دنیا کے خاتمے کا آخری سال ہوگا، کیوں کہ اس سال میں دنیا ہمیشہ ہمیشہ کے لیے نیست و نابود ہوجائے گی۔

لیکن ایک بات یہ بھی اپنی جگہ اہمیت رکھتی ہے کہ بابا وینگا نے مذکورہ پیش گوئی کرتے ہوئے یہ نہیں بتایا تھا کہ یہ سب کیسے اور کیوں ممکن ہوگا، مگر یہ بھی ایک حقیقت ہے کہ بابا وینگا کی 85 فی صد پیش گوئیاں بالکل درست ثابت ہوئیں اور اسی لیے انہیں اس حوالے سے دنیا بھر میں بہت شہرت اور مقبولیت حاصل ہوئی اور لوگ ان کی پیش گوئیوں کو آج بھی یعنی ان کے دنیا سے جانے کے بعد بھی انہیں بہت اعتماد اور احترام کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ اس سب کے علاوہ بابا وینگا نے اگلے بارہ ماہ کے لیے کچھ ایسے حیرت انگیز واقعات کے بارے میں بھی پہلے سے بتادیا تھا جن کے باعث دنیا بھر میں بہت اہم تبدیلیاں رونما ہوسکتی تھیں جن میں ایک اہم بات انہوں نے یورپ میں معاشی و اقتصادی زوال کے بارے میں کی تھی اور دوسری بات یہ بھی بتائی تھی کہ روس کے صدر ولادی میر پوتن پر قاتلانہ حملہ کیا جائے گا۔ بابا وینگا نے یہاں تک تو بتادیا تھا کہ ولادی میر پوتن پر حملہ کرنے والا ان کی اپنی سیکیورٹی ٹیم کا ہی حصہ ہوگا، مگر یہ نہیں بتایا کہ اس حملے کا انجام کیا ہوگا، کیا پوتن اس حملے میں ہلاک ہوجائیں گے یا بچ جائیں گے۔

آنجہانی بابا وینگا کی ان پیش گوئیوں نے دنیا بھر کے لوگوں کو عموماً اور عالمی راہ نماؤں کو خصوصاً پریشان کردیا ہے اور نہ جانے کتنے ہی لوگوں کو یہ سب پڑھ کر پسینہ آجائے گا، مگر یہ سب کی سب کس حد تک درست ثابت ہوں گی، ان کے بارے میں کچھ کہنا قبل از وقت ہوگا، کیوں کہ بابا وینگا اب اس دنیا میں نہیں رہیں جن سے ان باتوں کی تصدیق کروائی جاسکے۔ یہاں سب سے اہم بات یہ ہے کہ بابا وینگا نے روس اور پوتن کی عالمی حکم رانی کے حوالے سے جو پیش گوئی کی تھی، وہ بھی عالمی راہ نماؤں کے لیے باعث تشویش ہے۔ آخر بلغاروی نابینا بابا وینگا نے یہ پیش گوئی کیسے کردی تھی کہ ولادی میر پوتن پوری دنیا پر چھا جائیں گے اور ساری دنیا ان کے کنٹرول میں آجائے گی۔ کیا انہیں اس حوالے سے کسی عالمی سازش کا اندازہ تھا یا وہ پہلے سے عالمی جغرافیائی تبدیلیوں سے اس حد تک آگاہ تھیں کہ انہوں نے اتنی بڑی بات ایسے دھڑلے سے کہہ ڈالی تھی۔ بلغاروی نابینا خاتون نے اس واقعے کے بارے میں پہلے سے بتادیا تھا کہ یہ انوکھا اور حیرت انگیز واقعہ 2018 میں پیش آئے گا۔

☆بابا وینگا کو یہ خصوصیات کیسے ملیں؟

بابا وینگا کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ جب وہ بارہ سال کی تھیں تو وہ نابینا ہوگئیں جس کے بعد انہیں قدرت کی طرف سے پہلے سے مستقبل کے بارے میں جاننے کے بارے میں ایک انوکھا تحفہ ملا اور وہ آنے والے وقت کے حوالے سے پیش گوئیاں کرنے لگیں۔ ان کا کہنا ہے کہ انہیں ایک طوفان کے دوران تند و تیز ہواؤں کے تھپیڑوں نے انہیں غیر محسوس انداز میں ہوا میں اٹھا کر ایک خالی میدان یا کھیت میں پھینک دیا تھا۔ تھوڑی دیر بعد جب بابا وینگا کے حواس بحال ہوئے تو انہوں نے اپنی آنکھیں کھولنے کی کوشش کی، مگر وہ انہیں نہ کھول سکیں، کیوں کہ ان کی آنکھیں دھول اور مٹی سے بھری ہوئی تھیں، وہ کوشش کے باوجود اپنی آنکھیں نہ کھول سکیں اور شدید تکلیف میں مبتلا ہوگئیں۔ اس کے بعد انہوں نے اپنی آنکھوں کا بہت علاج کرایا اور ان کے تین آپریشن بھی کروائے مگر کوئی فرق نہیں پڑا اور ان کی بینائی ٹھیک نہ ہوسکی۔ اس کے بعد ان پر یہ انکشاف ہوا کہ ان کے اندر مستقبل میں پیش آنے والے واقعات کے بارے میں جاننے کی صلاحیت پیدا ہوگئی ہے اور وہ عالمی معاملات پر اپنے اس وجدان سے کام لیتے ہوئے پیش گوئیاں کرنے لگی ہیں۔

☆انہوں نے موت کو شکست دے دی:

بعد میں بابا وینگا نے 18 سال کی عمر میں اس وقت موت کو شکست دی جب وہ سینے کی جھلی میں سوزش کے مرض جسے pleurisy کہا جاتا ہے، اس مرض میں مبتلا ہوگئیں۔ اس مرض میں مبتلا ہونے والے کو سانس اور پھیپھڑوں کی شدید تکلیف ہوجاتی ہے، اس موقع پر بابا وینگا کا تفصیلی معائنہ کرنے کے بعد ڈاکٹروں نے بتایا کہ اب وہ بچ نہیں سکیں گی اور اسی بیماری کی شدت کے باعث وہ موت کا شکار ہوجائیں گی۔ لیکن خدا نے انہیں نئی زندگی دی، کیوں کہ بابا وینگا نے اپنی ہمت اور قوت ارادی سے موت کو شکست دے دی تھی۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ اب آنجہانی بابا وینگا اس دنیا میں نہیں ہیں، اس کے باوجود ان کے پیروکاروں اور ان کے چاہنے والوں کی تعداد آج بھی لاکھوں کروڑوں تک پہنچی ہوئی ہے۔

☆وہ شروع سے صحت کے مسائل کا شکار رہیں:

بابا وینگا کے بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ ان کی ولادت قبل از وقت ہوگئی تھی، اسی لیے وہ شروع سے صحت کے بے شمار مسائل میں مبتلا رہیں، ان کی نشوونما نہایت غربت کے عالم میں ہوئی تھی، انہی حالات میں جب ان کی سگی ماں اور سوتیلی ماں کا انتقال بھی ہوگیا تو انہیں اپنے بہن بھائیوں کی نگہداشت اور دیکھ بھال بھی کرنی پڑی۔ اسی دوران ان کے سر پر ایک اور کڑی آزمائش بھی آگئی جب ان کے باپ کو پولیس نے بلغاریہ نواز سرگرمیوں کے الزام میں گرفتار کرلیا تھا۔ یہ ایک نہایت مشکل دور تھا، مگر انہوں نے ان حالات میں بھی اپنے آپ کو سنبھالے رکھا اور ہر قسم کے حالات کا مقابلہ کرتی رہیں۔

☆شروعات کیسے ہوئی؟

بابا وینگا نے اپنے اس پراسرار اور مخفی علم کا اظہار کیسے کیا، اس بارے میں یہ بھی کہا جاتا ہے کہ پہلے انہیں غیر معمولی خواب دکھائی دیے جن میں وہ عجیب عجیب چیزیں دیکھتی تھیں، وہ انوکھی اور ناقابل یقین اور حیرت انگیز آوازیں بھی سنتی تھیں، وہ اپنے خوابوں میں دنیا سے چلے جانے والے لوگوں سے باتیں بھی کرتی تھیں اور پیڑ پودوں سے بھی گفت گو کرتی تھیں، ساتھ ہی انہیں انوکھے اور ناقابل یقین منظر بھی دکھائی دیتے تھے جس کے بعد یہ ہوا کہ وہ مستقبل کے بارے میں غیر معمولی پیش گوئیاں بھی کرنے لگی تھیں جو کافی حد تک درست اور سچ ثابت ہوتی تھیں۔ شروع میں تو لوگوں نے ان کی باتوں کو زیادہ اہمیت نہ دی، مگر جب مستقبل کی پیش گوئیوں کے حوالے سے ان کی شہرت ساری دنیا میں پھیلتی چلی گئی اور اہل دنیا کو بابا وینگا کی اس پراسرار خوبی کا علم ہوا تو ان کے پاس آنے والے لوگوں کا تانتا بندھ گیا، کوئی ان کے پاس اپنی پراسرار بیماری کا علاج کرانے آرہا تھا اور کوئی ان سے اپنے مستقبل کے بارے میں جاننا اور پوچھنا چاہتا تھا۔

عام طور سے بابا وینگا اپنے ہاتھ میں شکر کی ایک کیوب پکڑ کر اس میں ایسے دیکھتی تھیں جیسے وہ کوئی آئینہ ہو اور اس میں دیکھ دیکھ کر پوچھنے والے کو اس کے ہر سوال کا جواب دے دیتی تھیں۔ کہا جاتا ہے کہ بابا وینگا کسی بھی فرد کے بارے میں سب کچھ ایسے بتادیتی تھیں جیسے ان کے ذہن اور ان کے دماغ میں مذکورہ فرد کے بارے میں کوئی فلم چل رہی ہو جسے دیکھ دیکھ کر وہ سب کچھ بتارہی ہیں، ایسا لگتا تھا کہ قدرت ان کے دماغ میں پوچھنے والے فرد کی پیدائش سے موت تک پوری فلم چلا دیتی تھی۔ ان کی کچھ ایسی پیش گوئیاں ملاحظہ کیجیے جو پوری ہوچکی ہیں یا جو انھوں نے کی ہیں مگر حقیقت بن کر سامنے نہیں آئیں۔

☆ڈونلڈ ٹرمپ پراسرار بیماری کا شکار ہوجائیں گے:

یہاں یہ بات ہمارے سبھی قارئین اور عالمی لیڈروں اور سائنس دانوں کے لیے بہت زیادہ حیرت کا باعث ہوگی کہ بابا وینگا نے یہ تک کہہ دیا تھا کہ امریکا کے نئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ ایک انوکھی اور پراسرار بیماری کا شکار ہوکر شدید بیمار ہوجائیں گے جس کی وجہ وہ بہرے بھی ہوجائیں گے، ان کی قوت سماعت اس بری طرح متاثر ہوگی کہ وہ ایک ذہنی عارضے traumabrain میں مبتلا ہوجائیں گے۔ یہ ایسی پیش گوئی ہے جس کے بارے میں حال ہی میں عالمی ذرائع ابلاغ اور اخبارات لکھ رہے ہیں کہ امریکی صدر بعض اوقات کسی بھی ملک کے بارے میں جیسے جیسے اعلانات کرتے ہیں بعد میں وہ ان پر پچھتاتے ہیں اور پھر ان سے یوٹرن بھی لے لیتے ہیں، جن میں پاکستان کے حوالے سے ان کا وہ بیان بھی شامل ہے جب انہوں نے پہلے پاکستان سے ہر قسم کے مالی تعاون سے انکار کردیا تھا اور بعد میں پاکستان کو اپنا سچا اور پکا دوست بتاتے ہوئے اس کے ساتھ تعلقات کے استحکام پر زور دیا تھا۔ ٹرمپ اور پوتن کے بارے میں انہوں نے یہ بھی کہا تھا کہ 2019 کا سال ٹرمپ اور پوتن دونوں کے لیے ہی نہایت شدید پریشانیوں اور مسائل کا سال ہوگا۔

☆دنیا کی منجمد برف پگھل جائے گی:

1979 میں بابا وینگا نے کہا تھا: "سب کچھ پگھل جائے گا، ساری برف ختم ہوجائے گی صرف ایک چیز کا کچھ نہیں بگڑ سکے گا اور وہ ہے، ولادی میر پوتن کی شان، یعنی روس کی شان! روس کو کوئی نہیں روک سکے گا۔ روس سب کو مٹا دے گا، اور وہ خود سب کا مالک بن جائے گا۔"

☆قطبین کا پگھلاؤ:

2033 سے 2045 تک قطبین کی برفانی چوٹیاں پگھل جائیں گی جس کے بعد سمندروں میں پانی کی سطح بلند ہوجائے گی۔ اس دوران مسلم یورپ پر حکم رانی کریں گے اور عالمی معیشت ترقی پاتی رہے گی۔

☆کلوننگ اکثر امراض ٹھیک کردے گی:

بابا وینگا نے عالمی صحت کے حوالے سے ایک اچھی پیش گوئی یہ کی تھی کہ آنے والا وقت کلوننگ کا ہوگا جب کلوننگ کے کام یاب استعمال کے باعث ڈاکٹرز کو مریضوں کے علاج میں کام یابی ملے گی، کیوں کہ اس کی وجہ سے جسم کے اکثر اعضا کو آسانی اور سادگی سے بدلا جاسکے گا۔ اس ٹیکنیک کا کام یاب استعمال دنیا بھر کے لاکھوں بیمار انسانوں کے لیے بہت بڑی اور خوشی کی بات ہوگی۔

☆ایک اور اہم پیش گوئی:

بابا وینگا مختلف ملکوں پر ایک تباہ کن حملہ کرے گا تو اس وقت کلائمیٹ بیسڈ ایک اینٹی فریزنگ ہتھیار استعمال کیا جائے گا جو دنیا کو اس تباہی سے بچانے میں اہم کردار ادا کرے گا۔ 2072 اور 2086 کے درمیان طبقے سے محروم ایک ایسا کمیونسٹ معاشرہ فروغ پائے گا جو نئے قدرتی مریخی حملوں سے بچاؤ کے لیے ہر طرح کا تعاون کرے گا۔

2170 سے 2256 کے درمیان بہت کچھ وقوع پذیر ہوگا جن میں وہ مریخی کالونی بھی شامل ہوگی جو بعد میں نیوکلیئر پاور بن جائے گی اور وہ اس کے بعد کرۂ ارض سے آزادی کا مطالبہ بھی کردے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ ایک زیر آب شہر کا قیام بھی عمل میں آئے گا اور ایلین لائف کی تلاش میں کچھ خوف ناک کھوج بھی کی جائے گی۔

☆ٹائم ٹریول کا خاتمہ:

2262 اور 2304 کے درمیان ہم "ٹائم ٹریول" کو توڑ ڈالیں گے، اسی دوران فرنچ گوریلے فرانس میں مسلم اتھارٹیز سے جنگ کریں گے۔ چاند کے سربستہ راز بے نقاب ہوں گے اور دنیا کا خاتمہ ہوجائے گا۔ 2341 سے قدرتی اور انسان کے پیدا کردہ تباہ کن واقعات ہمارے کرۂ ارض کو اس حد تک تباہ و برباد کردیں گے کہ یہاں رہنا مشکل بلکہ ناممکن ہوجائے گا۔ نسل انسانی یہ کرہ چھوڑ کر اور یہاں سے ہجرت کرکے ایک اور شمسی نظام کی طرف چلی جائے گی، لیکن ذرائع وسائل کی قلت کے باعث جنگ اور لڑائیاں چھڑ جائیں گی۔

☆ نفرت ختم ہوجائے گی:

کرۂ ارض پر تو اب تہذیب و تمدن ختم ہوچکی ہے، انسان اب درندوں کی طرح زندگی بسر کرنے پر مجبور ہوچکے ہیں، یہاں تک کہ ان کی قیادت و راہ نمائی کے لیے ایک نیا مذہب منظر عام پر آجائے گا جو انہیں تاریکیوں سے نکال کر روشنیوں کی طرف لے جائے گا۔ 4302 سے 4674 کے درمیان نفرت اور برائی کے تصورات کا خاتمہ ہوجائے گا۔ انسان لافانی ہیں اور ایلینز کے ساتھ جذب ہوچکے ہیں۔ پوری دنیا میں پھیلے ہوئے 340 ارب افراد خدا سے بات کرسکیں گے۔

☆ دنیا کا اختتام:

5079 میں پوری دنیا کا خاتمہ ہوجائے گا۔ یہ وہ نہایت پریشان کن پیش گوئی ہے جس کے بارے میں ابھی تک کسی کو بالکل یقین نہیں ہے، مگر بابا وینگا کے ماننے والوں کا خیال ہے کہ ان کی یہ بات بھی درست ثابت ہوگی اور 5079 دنیا کے اختتام کا سال ہوگا، کیا یہ ہوگا یا نہیں، اس کے بارے میں کچھ نہیں کہا جاسکتا۔ یقینی طور پر آنے والا وقت ہی بابا وینگا کی بات کو صحیح یا غلط ثابت کرسکے گا اور اس کے لیے اہل دنیا کو 5079 کے سال کا انتظار کرنا ہوگا۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

زندگی سے محروم ہوتی صحافت

راحت علی صدیقی قاسمی

2022ء رخصت ہو چکا ہے، اس کے دامن میں بہت سے مسائل تھے، جو اس نے وراثت کے طور پر 2023 کے کو دے دیے۔ معاشی، سیاسی، اقتصادی، ثقافتی اور تہذیبی بہت سے مسائل ہیں جو 2022 کے سینہ پر درج ہیں، جن سے ہمارا ملک اور ایشیا ہی نہیں بلکہ پوری دنیا متاثر ہوئی ہے، گذشتہ برس کائنات کے باشندوں نے بہت سی تکالیف کا مقابلہ کیا ہے، خوشیاں بھی دیکھیں، لطف اندوز بھی ہوئے، ضروریات زندگی کی عدم تکمیل کے باعث روئے اور گڑگڑائے بھی، مذہبی منافرت، سیاسی چپقلش اور آپسی رنجش کے باعث ایک دوسرے پر طعن و تشنیع بھی کی، بسا اوقات صورت حال اس سے بھی زیادہ تکلیف دہ ہوئی اور قتل و غارت گری کے واقعات بھی رونما ہوئے، ہجومی تشدد بھی اس سال ہمارے ملک کا بہت اہم مدعا رہا، جس کے باعث بہت سے نوجوان قتل کردیے گئے، غرض کہ 365 دنوں کی اس طویل مدت میں بہت سے حادثات و واقعات وقوع پذیر ہوئے ہیں اور تمام شعبوں میں اس طرح کے واقعات موجود ہیں، جو دلبرداشتہ کرنے والے ہیں۔

اس سال کی سب سے متحیر کن اور تکلیف دہ بات یہ ہے کہ اس سال صحافیوں پر ظلم و ستم کی وارداتیں کثیر تعداد میں ہوئیں، جس طرح قلم کے خادموں کا خون بے دریغ بہایا گیا اور پوری دنیا میں 80 صحافیوں کا قتل کردیا گیا، یہ انتہائی تشویشناک صورت حال ہے، پوری دنیا آزادی اظہار رائے کی بات کرتی ہے، حق بات کہنے کی جرأت پیدا کرنے کا سبق پڑھاتی ہے، لیکن جب کوئی حق و صداقت کی راہ پر نکلتا ہے، عوام کے مسائل کو زیر بحث لاتا ہے، غریبوں اور مفلسوں کی مشکلات اور ان کے وجوہات کو عالم آشکار کرتا ہے، سیاسی رہنماؤں کی کرتوتوں کا پردہ فاش کرتا ہے، گھوٹالوں اور گھپلوں کی تحقیق کرتا ہے، انسانیت پر ہو رہے ظلم و جور کی کہانی لکھتا ہے، دہشت پسندوں کے انسانیت سوز واقعات کو قلم بند کرتا ہے، تو اس موقع پر اس کی صداقت اس کے لئے وبال جان بن جاتی ہے، اس موقع پر اسے انعام و اکرام، تمغات و اعزازات میسر نہیں آتے بلکہ جان سے ہاتھ دھونا پڑتا ہے یا قید و بند کی صعوبتیں جھیلنی پڑتی ہیں اور ذلت بھری زندگی گذارنے پر مجبور ہونا پڑتا ہے۔ 2018 کی تاریخ ہمیں ان حقائق سے روبرو کراتی ہے، جس میں صحافیوں کے ساتھ بدزبانی و بدکلامی عام بات ہے، انہیں دھمکی بھرے پیغامات ارسال کرنا گالیاں دینا معمولی گردانا جاتا ہے، رویش کمار، پنیہ پرسون واجپئی، رعنا ایوب ان صحافیوں کے سوشل سائٹس کو دیکھ کر اندازہ لگایا جاسکتا ہے کس طرح لوگ ان کو گالیاں دیتے ہیں اور توہین آمیز جملے کستے ہیں، عرصہ دراز سے ایسا ہوتا چلا آرہا ہے لیکن سال 2018 میں صحافیوں کو سچ چھپانے کے لئے مجبور کیا گیا، ان پر اپنے نظریات تھوپنے کی کوشش کی گئی، اس وجہ سے، بہت سے صحافی استعفیٰ دینے پر بھی مجبور ہوئے۔ انہوں نے اپنے ضمیر کا سودا نہیں کیا بلکہ اپنی ملازمت کو چھوڑنا بہتر خیال کیا، لیکن کچھ صحافی ایسے بھی ہیں، جو کسی خاص مشن پر تھے، تحقیق و تلاش میں مصروف تھے اور ممکن ہے اپنی منزل کے بہت قریب ہوں لیکن ان کی سانسوں کی ڈور کھینچ کر ان کا راستہ روک دیا گیا، ان کا سفر ختم کردیا گیا، ہمارے ملک میں بھی امسال چھ صحافیوں کو اپنی جان سے ہاتھ دھونا پڑا ہے، جن میں کشمیر کے عظیم صحافی شجاعت بخاری کو گولی مار کر قتل کردیا گیا، وہ انگریزی اخبار رائزنگ کشمیر کے مدیر تھے۔ انہوں نے کشمیر میں امن کانفرنس منعقد کرنے میں اہم رول ادا کیا تھا، ان کو بہت بے رحمی کے ساتھ قتل کردیا گیا، صحافیوں کے قتل کا سلسلہ ہندوستان تک محدود نہیں ہے بلکہ پوری دنیا اس کی زد میں ہے، خاص طور پر ترقی یافتہ ممالک کی صورت حال بھی اس معاملہ میں تکلیف دہ ہے، امریکہ میں چھ اور میکسکو میں نو صحافیوں کا قتل کیا گیا ہے، جس سے صحافیوں کی ابتر صورت حال کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے، وکٹوریہ مارینوا بلغاریہ کو قتل کیا گیا، ان کا جرم صرف اتنا تھا کہ انہوں نے یورپی یونین کے فنڈز میں ہورہی بدعنوانی کا پردہ فاش کیا تھا، اس کے بدلے میں انہیں اپنی جان گنوانی پڑی، جمال خاشقجی کو جس بے رحمی سے قتل کیا گیا، اس سے پوری دنیا واقف ہے، ان کی موت ایک معمہ بن کر رہ گئی ہے، اور عالمی میڈیا ان کے ساتھ کھڑا ہوا نظر آیا یہ ان کی خوش نصیبی ہے، ورنہ بہت سے صحافیوں کے قتل کی خبریں تک موصول نہیں ہو پاتیں اور علاقائی اخبارات میں بھی ان کی موت شہ سرخی نہیں بن پاتی، یان کوسیاک اور مارٹینا کسنیر وا کو اس لئے قتل کردیا گیا کہ وہ حکومت کے افراد اور مافیا کے درمیان تعلقات پر تحقیق کررہے تھے، پورے سلواکیہ میں اس پر مظاہرے ہوئے، لوگوں نے ان کے حق اور انصاف کے لئے آواز بلند کی، اس طرح کے بہت سے افراد ہیں، جن کو ان کی صحافتی دیانت داری ان کے قتل تک لے گئی، کہیں احتجاج ہوئے اور لوگوں نے آزادی اظہار رائے کا حق طلب کیا اور کہیں اس درندگی پر خاموشی چھائی رہی، جو ممالک خانہ جنگی کا شکار ہیں، وہاں تو صحافیوں کی ابتر حالت قرین قیاس ہے، وہاں صحافت کرنا جان پر کھیلنے کے مترادف ہے، جو شخص وہاں اس میدان میں قدم رکھتا ہے وہ سر پر کفن باندھ کر نکلتا ہے، لیکن ان مقامات پر جہاں ماحول پر امن ہے، وہاں صحافیوں کا قتل ہونا بہت اہم اور نازک ترین پہلو جس سے ہر شخص سوچنے پر مجبور ہوجاتا ہے، کیا دنیا میں نفرت اتنی زیادہ پھیل چکی ہے؟ کیا کوئی اپنے خلاف ایک لفظ بھی برداشت کرنے کے لئے تیار نہیں ہے؟ کیا دنیا کی حکومتیں بے لگام ہوچکی ہیں جو ان کی راہ میں آئے گا وہ اسے کچل ڈالیں گی؟ یہ وہ سوالات ہیں جو ان صحافیوں کی موت کے سناٹے میں ابھر رہے ہیں غور کیجئے تو آپ کے کانوں کو بھی سنائی دیں گے۔ 258 سے زائد صحافی قید و بند کی صعوبتیں جھیل رہے ہیں، ابوالکلام آزاد اور شورش کاشمیری کی روایتوں پر گامزن ہیں، اپنے مقصد کی خاطر خوبصورت و خوب رو زندگی کو لات مار کر جیل کی مشقتیں برداشت کررہے ہیں۔

بعض صحافی اپنا کام بخوبی انجام دینے کے بعد بہت معمولی تنخواہ پاتے ہیں، بعض کو وہ بھی وقت پر میسر نہیں آتی، اپنے بچوں کے لئے اشیائے خوردنی مہیا کرنا ان کے لئے ٹیڑھی کھیر ثابت ہوتا ہے، زندگی ان کے لئے اجیرن ہوجاتی ہے، یہ صورت حال میدان صحافت میں قدم رکھنے والوں کو سوچنے پر مجبور کرتی ہے، ان کے قدموں کو لرزہ براندام کرتی ہے اور انہیں کسی دوسرے شعبہ میں کریئر بنانے کے لئے اکساتی ہے، جس پر بسا اوقات وہ تیار بھی ہوجاتے ہیں اور صحافت ایک عمدہ ترین صحافی کی خدمات سے محروم ہوجاتی ہے۔ یہ صورت حال جمہوریت کے لئے تشویشناک ہے، اس سے جمہوریت کے مستقبل پر آمریت کے کالے بادل چھائے ہوئے محسوس ہوتے ہیں، صحافت جمہوریت کا چوتھا ستون ہے، اور یہ ستون اگر گر جائے گا، تو جمہوریت کی دیدہ و زیب عمارت بدنما ہوجائے گی، اور اس کی کیفیت فالج زدہ شخص کی سی ہوجائے گی، صحافیوں کی محنت تحقیق تلاش و جستجو ملک کو بہت سے مسائل سے نجات دلاتی ہے، بہت سے مسائل جو پس پردہ ہوتے ہیں، انہیں عالم آشکار کرتی ہے، حق پرست صحافی نفرت و عداوت کی گہری کھائیوں کو پاٹنے کی کوشش کرتے ہیں، جس کے باعث محبت امن اور پیار کی شمعیں روشن ہوتی ہیں، دنیا کے تمام ممالک کو اس بات پر غور کرنا ہوگا اور صحافیوں کو جائز اختیار عطا کرنے ہوں گے، ان کی محنت و مجاہدہ کے بدلے میں انہیں موت اور گالیاں نہیں اعزازات عطا کرنے ہوں گے۔ (جاری)

The Urdu Daily WATTAN وطن

دنیا کو مفلوج کرنے والے سافٹ ویئر اپ ڈیٹ سے چین کیسے محفوظ رہا؟

ویب ڈیسک// جمعے کے دن جب دنیا بھر میں کاروبار اور سروسز آئی ٹی کی بندش سے نبرد آزما ہو رہی تھیں تو ایسے میں ایک ملک جو اس مشکل سے بچا رہا، وہ چین تھا۔ اس کی وجہ انتہائی سادہ سی ہے: چین میں کراؤڈ سٹرائیک کو شاذ و نادر ہی استعمال کیا جاتا ہے۔ چینی کمپنیاں، ان امریکی کمپنیوں سے سافٹ ویئر خریدنے میں ہچکچاہٹ محسوس کرتی ہیں جنھیں وہ ماضی میں بیجنگ کو سائبر سکیورٹی کے لیے خطرہ قرار دے چکی ہیں۔ باقی دنیا کے برعکس چین مائیکروسافٹ پر زیادہ انحصار نہیں کرتا اور اس کی بجائے مقامی کمپنیوں جیسے علی بابا، ٹینسینٹ اور ہواوے کے کلاؤڈ سروسز کا استعمال کرتا ہے۔ اس لیے چین میں اس بندش کے بارے میں خبریں غیر ملکی فرمز اور کمپنیوں کے ذریعے سامنے آئیں۔ مثال کے طور پر چین کے سوشل میڈیا پر کچھ صارفین نے شکایت کی کہ وہ ملک میں موجود بین الاقوامی ہوٹلوں جیسے کہ شیرٹن، میریٹ اور حیات میں چیک ان نہیں کر پا رہے۔ چین میں حالیہ برسوں کے دوران حکومتی ایجنسیوں، کاروبار اور انفراسٹرکچر آپریٹرز تیزی سے غیر ملکی آئی ٹی سہولیات کی جگہ مقامی … کو اپنا رہے ہیں۔ کچھ تجزیہ کار اس متوازی نیٹ ورک کو 'سپلانٹرنیٹ' کہنا پسند کرتے ہیں۔ سنگاپور میں مقیم سائبر سکیورٹی ماہر جوش کینیڈی وائٹ کہتے ہیں کہ 'یہ چین کی جانب سے غیر ملکی ٹیکنالوجی آپریٹرز کو ایک حکمت عملی کے تحت دیکھنے کا ثبوت ہے۔' مائیکروسافٹ چین میں ایک مقامی پارٹنر 21 ویانٹ کے ذریعے کام کرتا ہے، جو عالمی ڈھانچے سے ہٹ کر اپنی خدمات کا آزادانہ طور پر انتظام کرتا ہے۔ یہ سیٹ اپ چین میں بینکاری اور ہوابازی جیسے اہم شعبوں کو عالمی رکاوٹوں سے محفوظ رکھتا ہے۔ بیجنگ غیر ملکی نظام پر بھروسہ کرنے سے گریز کو اپنی قومی سلامتی کے تحفظ کے طور پر دیکھتا ہے۔ یہ بالکل ایسے ہی ہے جیسے چند مغربی ممالک نے سنہ 2019 میں چین کی ٹیکنالوجی فرم ہواوے پر پابندی عائد کر دی تھی یا جیسے سنہ 2023 میں برطانیہ میں سرکاری ڈیوائسز پر چین کی سوشل میڈیا ایپ ٹک ٹاک کے استعمال پر پابندی عائد کر دی گئی۔ امریکہ بھی چین کو جدید سیمی کنڈکٹر چپ کی فروخت پر پابندی کے ساتھ ساتھ امریکی کمپنیوں کو چینی ٹیکنالوجی میں سرمایہ کاری کرنے سے روکنے کی کوششیں کر رہا ہے۔ امریکی حکومت کا کہنا ہے کہ یہ تمام پابندیاں قومی سلامتی کو مد نظر رکھتے ہوئے عائد کی گئی ہیں۔ چین نے گلوبل ٹائمز میں چھپنے والے اداریے میں چینی ٹیکنالوجی پر عائد ان پابندیوں کے بارے میں ہلکا سا اشارہ دیا گیا اور اس میں کہا گیا کہ ستم ظریفی تو یہ ہے کہ کچھ ملک مسلسل سکیورٹی کے بارے میں بات تو کرتے ہیں لیکن حقیقی سکیورٹی کو نظر انداز کرتے ہیں۔' یہاں یہ بات سمجھنے کی ضرورت ہے کہ ایک طرف تو امریکہ یہ بتانے کی کوشش کرتا ہے کہ عالمی ٹیکنالوجی کو کون اور کیسے استعمال کرنا چاہیے لیکن دوسری ہی طرف اس کی اپنی ایک کمپنی کی بے احتیاطی کی وجہ سے دنیا بھر میں افراتفری پھیل گئی۔ گلوبل ٹائمز نے انٹرنیٹ کی بڑی کمپنیوں پر بھی تنقید کی جو اس انڈسٹری پر اپنی اجارہ داری قائم کیے ہوئے ہیں: 'نیٹ ورک سکیورٹی کی کوششوں کی قیادت کے لیے مکمل طور پر بڑی کمپنیوں پر انحصار کرنا، جس کی حمایت کچھ ممالک کرتے ہیں، اس سے سکیورٹی کے حوالے سے مزید خدشات جنم لیں گے۔' اپنے ملک میں سخت کنٹرول کے باوجود بیجنگ کا اصرار ہے کہ وہ عالمی ٹیکنالوجی کی مارکیٹ کی وکالت کرتا ہے۔ لیکن اس سب کے باوجود ایسا بھی نہیں ہے کہ حالیہ افراتفری سے چین مکمل طور پر محفوظ رہا۔ کچھ صارفین نے امریکی سافٹ ویئر پلیٹ فارم کا شکریہ ادا کیا کہ اس کی بدولت انھیں کام سے جلدی چھٹی مل گئی۔ جمعے کے روز سوشل میڈیا ایپ ویبو پر 'جلدی چھٹی کے لیے شکریہ مائیکروسافٹ' ٹرینڈ کر رہا تھا اور لوگ اپنی نیلی سکرین والی تصاویر بھی شیئر کرتے رہے۔ یہ ایک سائبر سکیورٹی کمپنی ہے جس کا قیام سنہ 2011 میں ہوا تھا۔ اس کمپنی کا مقصد دنیا کی بڑی کمپنیوں اور ان کے کمپیوٹر نظام کو خطرات سے محفوظ رکھنا تھا۔ اس کمپنی کی خصوصیت سائبر سکیورٹی کے تحت اینڈ پوائنٹ تحفظ فراہم کرنا ہے کیونکہ یہ خطرات کمپیوٹر پر موجود وائرس یا فائلوں کو کارپوریٹ نیٹ ورک تک پہنچنے سے روکتا ہے۔ اس کمپنی کو یہ ذمہ داری بھی سونپی جاتی ہے کہ وہ ہیکرز سے محفوظ رکھے۔ کراؤڈ سٹرائیک ٹیکساس میں جارج کرٹز اور دمتری الپرووچ نے شروع کی تھی اور ابتدا سے ہی اس کمپنی نے بظاہر سائبر حملوں کے خلاف کمپنیوں کی مدد کی ہے۔ سنہ 2016 میں کراؤڈ سٹرائیک کو امریکی ڈیموکریٹک نیشنل کمیٹی نے طلب کیا تھا جو کہ ڈیموکریٹک پارٹی کی گورننگ باڈی ہے جب ان کے کمپیوٹر نظام کو ہیک کیا گیا تھا۔ اس تکنیکی مسئلے کی وجہ سے دنیا بھر میں ٹرانسپورٹ کا نظام، براڈکاسٹر، ہسپتال اور دیگر شعبے متاثر ہوئے۔ فضائی کمپنیوں کا شیڈول متاثر ہوا اور ایئرپورٹس پر تعطل دیکھنے کو ملا، جواب تک معمول پر نہیں آسکا ہے۔ برطانیہ اور امریکہ میں بڑے ٹی وی چینلز کی نشریات بھی متاثر ہوئیں۔ برطانیہ میں بھی ریل کمپنیوں کا نظام اور شیڈول متاثر ہوا۔ امریکی ریاست الاسکا میں پولیس کا کہنا تھا کہ ہنگامی صورت حال سے نمٹنے کے لیے فون ہیلپ لائن بھی دستیاب نہیں تھی۔ پولینڈ میں بالٹک ہب ٹرمینل نے بحری جہازوں کو ہدایت کی ہے کہ وہ کنٹینر لانے سے گریز کریں۔ اس کے علاوہ برطانیہ میں چند ڈاکٹروں نے شکایت کی ہے کہ وہ اپنے کمپیوٹر ریکارڈ تک رسائی حاصل نہیں کر پا رہے ہیں۔

امریکی سنٹرل کمانڈ کو شام اور عراق میں داعش کی واپسی کا خدشہ

ویب ڈیسک// جاریہ سال جنوری اور جون کے درمیان شام اور عراق میں 153 حملے کرنے داعش کا دعویٰ اشنگٹن: مشرق وسطیٰ میں امریکی فورسز دہشت گرد گروپ داعش کے بارے میں فکر مند ہونے کی نئی وجوہات دیکھ رہی ہیں، جو بظاہر اپنے قدرے نئے استحکام کا فائدہ اٹھا کر عراق اور شام کے کچھ حصوں میں افراتفری پیدا کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ چہارشنبہ کو امریکی سینٹرل کمانڈ، سینٹ کام کے ایک بیان کے مطابق، اسلامک اسٹیٹ گروپ یا داعش نے، جو آئی ایس یا آئی ایس آئی ایس کے نام سے بھی معروف ہے، اس سال جنوری اور جون کے درمیان دونوں ملکوں میں 153 حملوں کا دعویٰ کیا ہے۔ سنٹرل کمانڈ نے کہا کہ داعش کے حملوں کی یہ تعداد 2023 میں ان کے دعووں سے دوگنا سے زیادہ ہے۔ ادارہ نے خبردار کیا کہ حملوں میں اضافہ اس بات کی نشاندہی کرتا ہے کہ آئی ایس آئی ایس کئی برسوں سے کم ہونے والی اپنی صلاحیت کے بعد تشکیل نو کی کوشش کر رہا ہے۔ سینٹ کام کے تازہ ترین اندازے سے یہ بھی ظاہر ہوا ہے کہ داعش کے کارندوں نے شام اور عراق کی سرحدوں سے آگے تک حملوں کی منصوبہ بندی شروع کرنے کے لئے خود کو کافی محفوظ اور پر اعتماد محسوس کرنا شروع کر دیا ہے۔ سینٹ کام کے کمانڈر، جنرل مائیکل ایرک کوریلا کے مطابق ہم اپنی کوششیں خاص طور پر داعش کے ان ارکان کو نشانہ بنانے پر مسلسل مرکوز رکھے ہوئے ہیں جو بیرونی کارروائیاں کرنا چاہتے ہیں۔ کچھ غیر جانبدار تجزیہ کاروں نے اس سال کے آغاز سے لے کر اب تک عراق اور شام میں داعش کے پانچ کے قریب بیرونی منصوبوں کی نشاندہی کی ہے۔ اس سال یہ پہلا موقع نہیں ہے جب امریکی حکام نے داعش کی سرگرمیوں کے بارے میں نئے خدشات کا اظہار کیا ہے۔ رواں سال اپریل میں، سینٹ کام نے کہا تھا کہ شام اور عراق میں داعش کے پاس ممکنہ طور پر تقریباً 2,500 جنگجو ہو چکے ہیں۔ یہ تعداد جنوری میں فراہم کیے گئے پچھلے تخمینوں سے دوگنا زیادہ ہے۔ امریکی شراکت داروں نے بھی گروپ کی ممکنہ بحالی کے بارے میں خبردار کیا ہے۔ غیر منافع بخش تنظیم 'کاؤنٹر ایکسٹریمزم پروجیکٹ، سی ای پی، جو شام میں آئی ایس کی سرگرمیوں پر نظر رکھے ہوئے ہے، اسی طرح داعش کی مزید پرتشدد اور مزید سرگرم ہونے کے بارے میں خبردار کرتی رہی ہے۔ سی ای پی نے اپنی ماہانہ رپورٹ میں کہا گیا کہ مئی کے مقابلے جون میں تشدد کی سطح میں اضافہ ہوا۔ اس میں مزید کہا گیا ہے کہ مشرقی حمص کے علاقے جوب جراح میں مقامی قبائلیوں کے خلاف کئی وحشیانہ حملے کیے گئے جس کے نتیجے میں مقامی لوگوں نے داعش کا پیچھا کیا اور اس کے دو ارکان کو ہلاک کر دیا۔ رپورٹ میں مزید کہا گیا کہ پھر بھی، آئی ایس آئی ایس کی سرگرمی زیادہ تر شامی سیکورٹی فورسز پر مرکوز رہی۔ امریکی حمایت یافتہ سیرین ڈیموکریٹک فورسز، ایس ڈی ایف کے پولیٹیکل ونگ کے عہدیداروں نے جنوری میں وائس آف امریکہ کو بتایا تھا کہ دہشت گرد گروپ کی سرگرمیوں میں ایس ڈی ایف کے گشت والے علاقوں اور اسد حکومت کے زیر نگرانی، دونوں علاقوں میں نمایاں اضافہ ہوا ہے۔

گوگل کا بڑا ایکشن! لاکھوں موبائل ایپس ہٹائیں جائیں گے

ویب ڈیسک// گوگل ایک نئے پلان پر کام کر رہا ہے، جس کے تحت گوگل بڑے پیمانے پر اینڈرائیڈ ایپس جاری کرنے جا رہا ہے۔ دراصل، گوگل گوگل پلے ایپ کو اینڈرائیڈ صارفین کے لیے مزید محفوظ بنانے کے لیے کام کر رہا ہے، جس کے تحت گوگل اپنے پلیٹ فارم سے ہزاروں ایپس کو ہٹا سکتا ہے جو کم کوالٹی اور غیر فعال ہیں۔ گوگل پلے اسٹور پر ایسی ایپس موجود ہیں، جو فی الحال کام نہیں کر رہی ہیں۔ اس کے علاوہ، کچھ ایپس، بہت خراب کوالٹی میں آتی ہیں، جو صارف کے تجربے کو خراب کرتی ہیں۔ گوگل نے 31 اگست کی آخری تاریخ مقرر کر دی۔ گوگل نے ایسی ایپس کو ہٹانے کے لیے 31 اگست 2024 کی آخری تاریخ مقرر کی ہے۔ دراصل، کمپنی نے اپنے کم از کم فعالیت کی پالیسی کو اپ ڈیٹ کر دیا ہے، تاکہ ایپ کے معیار اور اس کے تجربے کو بہتر بنایا جا سکے۔ گوگل کی نئی پالیسی میں، بہت کم مواد والی ایپس کو ہٹا دیا جائے گا۔ اس میں صرف ٹیکسٹ ایپس، سنگل وال پیپر ایپس شامل ہیں۔ ان ایپس کے خلاف شکایات موصول ہوئی ہیں کہ یہ صحیح طریقے سے انسٹال نہیں ہوتیں۔ سال 2023 میں 2.28 ایپس کو ہٹا دیا گیا۔ گوگل نے کہا ہے کہ ایپ مستحکم، جوابدہ اور بہترین صارف کا تجربہ ہونا چاہیے۔ مجموعی طور پر، ایپ اسٹور پر درج ایپس کا معیار اور صارف کا تجربہ بہتر ہونا چاہیے۔ اس سے قبل، سال 2023 میں، گوگل نے پالیسی کی خلاف ورزی کے الزام میں گوگل پلے اسٹور پلیٹ فارم سے 22.8 لاکھ ایپس کو ہٹا دیا تھا۔

نواز شریف نے پاکستان کے موجودہ حالات پر افسوس کا اظہار کیا

لاہور// سابق حکمرانوں کے فیصلوں کو تنقید کا نشانہ بناتے ہوئے حکمران مسلم لیگ (ن) کے صدر نواز شریف نے ہفتے کو کہا کہ ترقی کے اہداف حاصل کرنے والے ملک کے ساتھ اچھا سلوک نہیں کیا جا رہا۔ نواز نے کہا، "گلیوں میں گھومنے والے کو انصاف کی پیشکش کی جاتی ہے۔ نواز نے مزید کہا، "کیا ضرورت ہے [ایسے فیصلوں کی] جس سے اس ملک کے مصائب میں اضافہ ہو۔ سابق وزیر اعظم نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ملک کامیابی سے سنگ میل عبور کر رہا ہے۔ سپریم کورٹ کے فیصلے کے نتیجے میں اقتدار سے بے دخل ہونے سے پہلے ترقی اور خوشحالی کا، نواز شریف نے یہ تبصرے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کی زیر صدارت اجلاس میں کیے جس میں "چیف منسٹر سولر پینل فنانسنگ سکیم" سے متعلق امور کا جائزہ لیا گیا۔ نواز شریف نے اپنی تقریر میں اس بات پر روشنی ڈالی کہ بجلی کے بل ادا کرنا صرف غریبوں کا ہی نہیں سب کا مسئلہ بن گیا ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ان کی حکومت نے اپنے دور میں لوڈ شیڈنگ ختم کی اور بجلی کے نرخوں کو کنٹرول میں رکھا۔ 2017 تک بجلی کے بل اور ڈالر کا ریٹ کم تھا۔ شریف نے ملک میں ناانصافی پر سوال اٹھاتے ہوئے کہا کہ ان کی حکومت نے آئی ایم ایف کو واپس بھیجا تھا، لیکن بعد میں اسے واپس لایا گیا۔ انہوں نے ملک کے ناقص سلوک پر افسوس کا اظہار کیا اور فیصلہ سازوں پر زور دیا کہ وہ لوگوں کا خیال رکھیں اور ریلیف فراہم کریں۔ سابق وزیر اعظم نے سوال کیا کہ ایسے فیصلوں کی کیا ضرورت ہے جس سے اس ملک کی مشکلات میں اضافہ ہو۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اقتدار سے بے دخل ہونے سے قبل ملک ترقی اور خوشحالی کے سنگ میل کامیابی سے حاصل کر رہا تھا۔

یوکرین کے سابق رکن پارلیمنٹ کا گولی مار کر قتل

کیف// یوکرین کی سابق رکن پارلیمنٹ 60 سالہ ارینا فیرین کو نامعلوم حملہ آور نے گولی مار کر ہلاک کر دیا۔ ارینا یوکرینی زبان کو فروغ دینے کی اپنی مہم کے لیے جانی جاتی ہیں۔ سابق رکن پارلیمنٹ ارینا فیرین جمعہ کو مغربی شہر لویف میں حملے میں شدید زخمی ہو گئی تھیں، اسپتال میں علاج کے دوران ان کی موت ہوگئی۔ یوکرائنی حکام نے بتایا کہ حملہ آور کی تلاش فی الحال جاری ہے۔ حملہ آور موقع سے فرار ہو گیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ معاملے کی جانچ کی جا رہی ہے۔ یوکرین کے صدر ولادیمیر زیلنسکی نے ہفتے کے روز اپنے سرکاری ٹیلیگرام چینل پر کہا، تمام دستیاب نگرانی کیمروں کی جانچ کی جا رہی ہے اور گواہوں سے پوچھ گچھ کی جا رہی ہے۔

روس کے جزوی مقبوضہ ڈونیسک میں یوکرین کے حملے میں دو افراد ہلاک، پانچ زخمی

کیف// روس اور یوکرین کے درمیان جاری جنگ کے درمیان، انہوں نے اتوار کو ایک دوسرے پر ڈرون، میزائل اور گولے برسائے۔ روس کے سرکاری میڈیا نے اطلاع دی ہے کہ روس کے زیر قبضہ علاقے ڈونیسک میں یوکرین کے حملوں میں کم از کم دو افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ اسی دوران یوکرائنی حکام نے بتایا کہ روسی حملوں میں کم از کم پانچ افراد زخمی ہوئے ہیں۔ روس نے کہا کہ اس نے مشرق میں فرنٹ لائن پر دو دیہات کا کنٹرول حاصل کر لیا ہے، ایک کھرکیو کے علاقے میں اور دوسرا لوہانسک کے علاقے میں۔ روسی سرکاری خبر رساں ایجنسی آر آئی اے نووستی نے اتوار کی صبح بتایا کہ ڈونیسک کے علاقے میں روس کے زیر قبضہ علاقوں میں یوکرین کی گولہ باری سے دو افراد ہلاک ہو گئے ہیں۔ روسی سرکاری خبر رساں ایجنسی آر آئی اے نووستی نے اتوار کی صبح کہا کہ جنوبی یوکرین کے جزوی طور پر مقبوضہ علاقے کھیرسن میں تین افراد زخمی ہو گئے۔ ملک کے شمال مشرق میں کھرکیو کے علاقے میں حکام نے بتایا کہ روسی گولوں کی زد میں آ کر ایک گاؤں میں دو افراد زخمی ہو گئے۔ فضائیہ کے کمانڈر میکولا اولیشچک کے مطابق، یوکرین کے فضائی دفاع نے اتوار کی رات روس کی طرف سے لانچ کیے گئے 39 ڈرونز میں سے 35 کو روکا۔ اس کے علاوہ، انہوں نے کہا کہ روس نے تین بیلسٹک میزائل اور دو گائیڈڈ ہوائی میزائل داغے جو اپنے اہداف تک نہیں پہنچ سکے۔ روس کی وزارت دفاع نے اتوار کو کہا کہ اس کے فوجیوں نے … اور اینڈریوکا کا کنٹرول حاصل کر لیا ہے۔ روس کی وزارت دفاع نے کہا کہ روسی فضائی دفاعی نظام نے رات کے وقت ملک کے بیلگوروڈ علاقے اور بحیرہ اسود کے اوپر آٹھ ڈرون مار گرائے۔ خرسن کے روسی مقرر کردہ گورنر ولادیمیر سالڈو نے کہا کہ روسی فضائی دفاع نے کھیرسن کے علاقے میں روس کے زیر قبضہ کریمیا کی طرف جانے والے طویل فاصلے تک مار کرنے والے دو امریکی ساختہ اے ٹی اے سی ایم ایس میزائلوں کو مار گرایا۔

سیاسی رہنماؤں نے بنوں میں پشتون مظاہرین پر ریاستی مظالم کی مذمت کی

بنوں// بنوں میں فائرنگ کے اندوہناک واقعے نے بڑے پیمانے پر غم و غصے کو جنم دیا ہے اور سیاستدانوں اور صحافیوں میں احتساب کا مطالبہ کیا ہے۔ خیبر پختونخوا سے تعلق رکھنے والے سابق سینیٹر مشتاق احمد خان نے پشتون مظاہرین پر ریاستی مظالم کی شدید مذمت کی۔ ایکس پر ایک پوسٹ میں مشتاق احمد خان نے کہا کہ سرکاری دہشت گردی ناقابل قبول ہے، فوجی آپریشن کسی صورت قبول نہیں، ہم امن چاہتے ہیں۔ مشتاق نے اس احتجاج کی ایک ویڈیو بھی شیئر کی جس میں وہ شریک تھے۔ پرتشدد تصادم کے سنگین نتائج کو اجاگر کرتے ہوئے شمالی وزیرستان سے تعلق رکھنے والے سابق ایم این اے محسن داوڑ نے "امن کے جواب میں خون" پر تبصرہ کیا۔ پی ٹی آئی کے رہنما شیر افضل خان مروت نے بھی اسی طرح کے جذبات کی بازگشت کرتے ہوئے کہا یہ ویڈیو دیکھ کر، مجھے گہرا دکھ محسوس ہوتا ہے۔

پاکستان کے ضلع اوکاڑہ میں توہین مذہب کے الزام پر پولیس اسٹیشن پر حملہ

اوکاڑہ (پاکستان)// پاکستان کے ضلع اوکاڑہ میں، بہلول پور گاؤں میں مبینہ توہین مذہب کے واقعے کے بعد ایک پولیس اسٹیشن پر حملہ کیا گیا۔ یہ واقعہ اس وقت شروع ہوا جب ایک شخص نے مبینہ طور پر ایک مسجد کے قریب قرآن پاک کے اوراق جلائے، جس کے بعد پولیس نے اسے گرفتار کر کے اس کے خلاف مقدمہ درج کر لیا تھا۔

سلطان ابراہیم باضابطہ طور پر ملائیشیا کے نئے بادشاہ مقرر

ویب ڈیسک// سلطان ابراہیم سلطان اسکندر کو ملائیشیا کے نئے بادشاہ کے طور پر ہفتہ کو ملائیشیا کے کوالالمپور کے نیشنل پیلس میں منعقدہ ایک شاندار تقریب میں باضابطہ طور پر تاج پہنایا گیا۔ تقریب میں وزیر اعظم انور ابراہیم نے ان کی کابینہ کے ارکان کے ساتھ ساتھ برونائی کے سلطان حاجی حسن البولکیہ اور بحرین کے شاہ حمد بن عیسیٰ الخلیفہ سمیت غیر ملکی معززین اور مہمانوں نے شرکت کی۔ ملک بھر میں ٹیلی ویژن پر نشر ہونے والے اپنے شاہی خطاب میں، سلطان ابراہیم نے عوام اور قوم کے لیے دیانتداری، ایمانداری، انصاف پسندی اور ہمدردی کے ساتھ حکومت کرنے کا عہد کیا۔ انہوں نے کہا کہ "میں اپنے فرائض کو دیانتداری اور ایمانداری سے ادا کروں گا اور ملک کی بھلائی اور خودمختاری کے تحفظ کے لیے معاشرے کے تمام طبقات کا مکمل خیال رکھتے ہوئے غیر جانبداری سے حکومت کروں گا۔" اس سے قبل تقریب میں وزیر اعظم ابراہیم نے سلطان ابراہیم کی تاج پوشی پر عوام کی جانب سے مبارکباد اور وفاداری کے عہد کی تقریر کی اور لوگوں کو یاد دلایا کہ بادشاہ ملک کے تمام نسلی گروہوں کے لیے اتحاد اور خوشحالی کی علامت ہے۔ ملائیشیا ایک آئینی بادشاہت ہے، جس میں نو سلطان، یا حکمران ہیں، جو اپنے سربراہ مملکت ہیں اور مذہبی رہنما کے طور پر کام کرتے ہیں، اور پانچ سالہ مدت کے لیے بادشاہ کے طور پر کام کرتے ہیں۔

پاکستان میں اسامہ بن لادن کا قریبی ساتھی گرفتار؟

اسلام آباد// پولیس کے مطابق القاعدہ کے لیڈر امین الحق کے خلاف اہم تنصیبات کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ پاکستانی پولیس نے آج بروز جمعہ ایک بیان میں کہا کہ عالمی دہشت گرد تنظیم القاعدہ کے بانی اور امریکہ میں 9/11 کے حملوں کے ماسٹر مائنڈ اسامہ بن لادن کے "قریبی ساتھی" امین الحق کو گرفتار کر لیا گیا ہے۔ پاکستان کے صوبے پنجاب میں انسداد دہشت گردی کے حوالے سے کام کرنے والے پولیس محکمے (سی ٹی ڈی) کے ایک ترجمان نے آج جاری کردہ بیان میں کہا، دہشت گردی کے خلاف ایک اہم پیش رفت میں سی ٹی ڈی نے انٹیلیجنس ایجنسیوں کے ساتھ مل کر امین الحق کو گرفتار کر لیا ہے۔ اس بیان میں مزید بتایا گیا ہے کہ امین الحق کے خلاف صوبے میں اہم تنصیبات کو نشانہ بنانے کی منصوبہ بندی کا مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں، پنجاب میں سی ٹی ڈی کے سربراہ عثمان اکرم گوندل نے ایک پریس کانفرنس کے دوران بتایا کہ امریکہ، اقوام متحدہ اور یورپی یونین امین الحق کا شمار اسامہ بن لادن کے ساتھی کے طور پر کرتے ہیں۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ امین الحق افغانستان سے 2021ء میں نیٹو افواج کے انخلا کے بعد دوبارہ سرگرم ہو گئے تھے اور دوبارہ افغانستان گئے تھے، جہاں انہیں نے القاعدہ کو دوبارہ منظم کرنے کی کوششیں شروع کر دی تھیں۔ امین الحق ان افراد کی فہرست میں بھی شامل ہیں جن پر اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی جانب سے پابندیاں عائد کی گئی ہیں۔ سلامتی کونسل کی ویب سائٹ پر موجود تفصیلات میں بتایا گیا ہے کہ وہ افغانستان میں پیدا ہوئے تھے اور اسامہ بن لادن کے سکیورٹی کے حوالے سے رابطہ کار تھے۔

ملائیشیا میں بھیک مانگنے اور مجرمانہ سرگرمیوں سے پاکستان کی تصویر خراب

کوالالمپور// ملائیشیا کے ارد گرد بھیک مانگنے اور کام کرنے میں ملوث پاکستانی شہریوں کو گرفتار کر لیا گیا ہے، جس سے پاکستانی کمیونٹی کو شرمندگی ہوئی ہے اور پاکستان کی شبیہ کو نقصان پہنچا ہے۔ یہ افراد سیاحتی ویزوں پر ملائیشیا میں داخل ہوتے ہیں اور ویزوں کی توسیع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے زیادہ دیر قیام کرتے ہیں، جو ملک میں کام کرنے والوں کی طرح منظم بھیک مانگنے والے سنڈیکیٹس میں شامل ہوتے ہیں۔ پاکستانی بھکاری سعودی عرب، ایران اور عراق میں بھی پائے گئے ہیں، جو حجاج کے ویزوں کا فائدہ اٹھا کر بھیک مانگنے اور جیب تراشی میں مصروف ہیں۔ اس کی وجہ سے ان ممالک خصوصاً سعودی عرب کی طرف سے تشویش اور شکایات سامنے آئی ہیں جہاں مکہ مکرمہ کی عظیم الشان مسجد میں پاکستانی شہریوں کی ایک بڑی تعداد کو جیب تراشی کے الزام میں گرفتار کیا گیا ہے۔ تحقیق اور تجزیے سے پتہ چلتا ہے کہ پاکستان کی بین الاقوامی ساکھ بدعنوانی، دہشت گردی، سیکورٹی کے مسائل، چوری، بھیک مانگنے اور بدعنوانی کے تصورات سے دوچار ہے۔ منشیات کی اسمگلنگ، جسم فروشی، اور ویزا کی خلاف ورزیوں میں پاکستانیوں کے ملوث ہونے کے واقعات نے ملک کی خراب بین الاقوامی حیثیت میں اہم کردار ادا کیا ہے۔

ایمنسٹی انٹرنیشنل نے پاکستان میں مظاہرین پر حملے کی تحقیقات کا مطالبہ کیا

اسلام آباد// ایمنسٹی انٹرنیشنل نے پاکستان کے خیبر پختونخوا میں مظاہرین پر پاکستانی فورسز کی فائرنگ کو بین الاقوامی قانون، انسانی حقوق اور پاکستان کے آئین کے تحت پرامن اجتماع کے حق کی خلاف ورزی قرار دیتے ہوئے اس کی مذمت کی ہے۔ تنظیم نے ہفتہ 20 جولائی کو ایک شائع شدہ رپورٹ میں، پاکستان کے خیبر پختونخوا کے علاقے بنوں میں مظاہرین پر حملے کی مذمت کی۔

The Urdu Daily WATTAN
وطن

باقیات

101

انتخابات میں این سی کو اکثریت دی تھی۔ اس دوران 4 آزاد ممبران اسمبلی چودھری محمد اکرم (سرنکوٹ)، پیارے لعل (اندروال)، ڈاکٹر رمیشور سنگھ (بنی)، ستیش شرما (چھمب) پارٹی صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور عمر عبداللہ کیساتھ ملے اور نیشنل کانفرنس کو اپنی حمایت دینے کا اعلان کیا۔ اس سے قبل آج تیسرے روز بھی ریاست بھر سے پارٹی لیڈران، عہدیداران، کارکنان، عام شہریوں کے علاوہ دینی، سیاسی اور سماجی تنظیموں کے نمائندوں نے ڈاکٹر فاروق عبداللہ کی رہائش گاہ پر آکر انہیں مبارکباد پیش کی۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے لوگوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اصل طاقت لوگوں کی طاقت ہوتی ہے۔ عوام طاقت کا سرچشمہ ہے اور سرداری عوام کا حق ہے، نیشنل کانفرنس کا بنیادی اصول رہا ہے اور پارٹی اپنے اسی اصول پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن میں کامیابی کیساتھ ہی نئے چیلنجوں کی شروعات ہوئی ہے اور ہمیں متحد ہوکر ان چیلنجوں کا متحد ہوکر سامنا کرنا ہے۔ ہماری اس ریاست کی تہذیب وتمدن، زمینوں اور روزگار کو خطرہ لاحق ہے۔

102

منشور کے تحت الیکشن لڑا ہے، اس پر من وعن عملدرآمد کرنے کی ضرورت ہے۔ اس دوران اجلاس کے تمام شرکاء نے متفقہ طور پر پارٹی نائب صدر عمر عبداللہ کو لیجسلیچر پارٹی کا لیڈر چُنا۔ عمر عبداللہ نے تمام ممبران کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس بات کا عزم کیا کہ اللہ کے فضل وکرم اور لوگوں کے اشتراک سے ہم سب مل کر اس ریاست کے لوگوں کی خوشحالی، فارغ البالی، تعمیر وترقی اور راحت رسانی کیلئے کام کریں گے۔ اس دوران 4 آزاد ممبران اسمبلی چودھری محمد اکرم (سرنکوٹ)، پیارے لعل (اندروال)، ڈاکٹر رمیشور سنگھ (بنی)، ستیش شرما (چھمب) پارٹی صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ اور عمر عبداللہ کیساتھ ملے اور نیشنل کانفرنس کو اپنی حمایت دینے کا اعلان کیا۔ اس سے قبل آج تیسرے روز بھی ریاست بھر سے پارٹی لیڈران، عہدیداران، کارکنان، عام شہریوں کے علاوہ دینی، سیاسی اور سماجی تنظیموں کے نمائندوں نے ڈاکٹر فاروق عبداللہ کی رہائش گاہ پر آکر انہیں مبارکباد پیش کی۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے لوگوں کا شکریہ ادا کیا اور کہا کہ اصل طاقت لوگوں کی طاقت ہوتی ہے۔ عوام طاقت کا سرچشمہ ہے اور سرداری عوام کا حق ہے، نیشنل کانفرنس کا بنیادی اصول رہا ہے اور پارٹی اپنے اسی اصول پر گامزن ہے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن میں کامیابی کیساتھ ہی نئے چیلنجوں کی شروعات ہوئی ہے اور ہمیں متحد ہوکر ان چیلنجوں کا متحد ہوکر سامنا کرنا ہے۔ ہماری اس ریاست کی تہذیب وتمدن، زمینوں اور روزگار کو خطرہ لاحق ہے۔ بے روزگاری، معیشی بدحالی اور منشیات کے استعمال جیسے مشکل چیلنجوں کا بھی ہمیں ڈٹ کر مقابلہ کرنا ہے۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ پارٹی کی مضبوطی کی صورت میں ہی ہم لوگوں کو راحت پہنچا سکتے ہیں اور ہمیں ہر حال میں پارٹی کو مقدم سمجھنا ہوگا۔ و

103

کا نتیجہ ہے۔ سی این آئی کے مطابق ہریانہ اور جموں وکشمیر میں اسمبلی انتخابات کے نتائج کے بعد بی جے پی پارٹی کارکنوں سے خطاب کرتے ہوئے جے پی نڈا نے ہریانہ میں بی جے پی کی جیت اور جموں وکشمیر میں ووٹ شیئر میں اضافہ کی وجہ وزیراعظم مودی کی قیادت میں لوگوں کے اعتماد کو قرار دیا۔ انہوں نے کہا ''ہم نے ہریانہ میں جو جیت حاصل کی اور جموں وکشمیر میں ہمارے ووٹ شیئر میں اضافہ یہ سب لوگوں کے وزیراعظم مودی کی قیادت میں دکھائے گئے اعتماد کا نتیجہ ہے۔ جب کانگریس جھوٹ پھیلانے میں مصروف تھی، عوام نے ان کی بات نہیں سنی۔ انہوں نے اور ہریانہ میں مسلسل تیسری بار ہماری (بی جے پی) حکومت بنائی۔ وزیراعظم مودی نے ملک کی سیاست کی روایت کو بدل دیا ہے''۔ کانگریس پر مزید سخت حملہ کرتے ہوئے، نڈا نے پارٹی پر بدعنوانی، کمیشن اور مجرمانہ کاری کو فروغ دینے کا الزام لگایا۔ انہوں نے کہا ''کانگریس ذات پرستی اور 'بھائی بھتیجواد' کو فروغ دیتی رہی ہے اور ذات پات کی بنیاد پر لوگوں کو تقسیم کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑ رہی ہے۔ جہاں کانگریس ہے، وہاں بدعنوانی، کمیشن اور مجرمانہ ہے''۔ نڈا نے عام آدمی پارٹی (اے اے پی) پر بھی تنقید کی، جو ہریانہ کے انتخابات میں کوئی سیٹ حاصل کرنے میں ناکام رہی۔

104

عمر عبداللہ نے ایک موقر انگریزی روز نامہ 'انڈین ایکسپریس' کو دیئے تفصیلی انٹرویو میں اپنی ترجیحات اور حکومت کی جانب سے اُٹھائے جانے والے اقدامات نیز نیشنل کانفرنس کی آئندہ کی حکمت عملی کا خلاصہ کیا۔ کچھ دنوں بعد یونین ٹریٹری جموں وکشمیر کے وزیراعلیٰ کا عہدہ سنبھالنے والے 54 سالہ لیڈر عمر عبداللہ نے کہا کہ بیوروکریٹک تھکاوٹ جیسا کہ ہے، اب یہ منتخب حکومت ہے۔ وہ بیوروکریٹس منتخب حکومت کو جوابدہ ہیں۔ انہوں نے ساتھ ہی کہا کہ ہاں، ان میں سے کچھ اب بھی راج بھون کیساتھ اپنی وفاداری کے مرہون منت ہوں گے، لیکن مجھے یقین ہے کہ یہ ایک عارضی رجحان ہے۔ عمر عبداللہ نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ریاست کو بحال کرنا ہوگا، اور ہمیں امید ہے کہ جلد از جلد بحال ہو جائے گا۔ تو یہاں تک کہ دوسری صورت میں، اب آپ کے پاس علاقوں میں منتخب نمائندے ہوں گے، بیوروکریٹس کو ان کا جواب دینا ہو گا۔ آپ کے پاس ڈپٹی کمشنر نہیں ہو سکتا جو ممبر اسمبلی کو نظرانداز کرے۔ آپ کے پاس ایس پی نہیں ہوسکتا جو ایم ایل اے کو نظر انداز کرے۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ آپ کے پاس تحصیلدار اور دوسرے نہیں ہو سکتے جو ایم ایل اے کو نظرانداز کر دیں۔ تو لوگوں کے کام ہو جائیں گے۔ اب تک، ان کی آواز نہیں آئی ہے، یہ افسران کسی کی بات سننے کو تیار نہیں۔ انہوں نے کہا کہ آج سیکرٹریٹ کے باہر لائنیں دیکھیں۔ اور حکومت بننے کا انتظار کریں پھر دیکھیں لوگ کیسے ہوں گے۔ یہ آپ کو بتاتا ہے کہ یہ حکومت ان لوگوں سے کس قدر منقطع رہی ہے، جن کی وہ خدمت کر رہی ہے۔ عمر عبداللہ نے ایک اور سوال کے جواب میں کہا کہ 370 نیشنل کانفرنس کے سیاسی نظریے کا حصہ ہے۔ لیکن ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ یہ کوئی جنگ نہیں ہے جو کل ختم ہونے والی ہے۔ ہم نے ہمیشہ کہا ہے کہ یہ ایک لڑائی ہے جو مرکز میں حکومت کی تبدیلی تک بڑھنے والی ہے۔ انہوں نے کہا کہ میں لوگوں کو بار بار یہ بتانے میں بہت محتاط رہا ہوں کہ جو کچھ ہم سے لیا گیا تھا، آپ ان لوگوں سے واپس حاصل کرنے کی توقع نہیں کر سکتے جنھوں نے اسے ہم سے لیا تھا۔ تو کوئی نہیں، مجھے نہیں لگتا کہ یہاں کوئی بھی اس وہم میں ہے کہ ہم کسی طرح مودی صاحب کو راضی کرنے میں کامیاب ہو جائیں گے کہ جو لیا گیا تھا وہ واپس کر دیں۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ تو یہ وہ چیز ہے جس کے بارے میں ہم بات کرتے رہیں گے۔ ہم وعدہ کرتے ہیں کہ ہم اس مسئلے کو زندہ رکھیں گے اور ہم یہی کرنے کے پابند ہیں۔ لیکن فوری طور پر، ہمیں موجودہ حکومت کے ساتھ جو کچھ کر سکتے ہیں کرنے کی ضرورت ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ اس پر، ظاہر ہے، ریاست کا درجہ سب سے اہم چیز بن جاتی ہے۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ میں لفظ کم سے کم استعمال کرنے سے بھی گریزاں ہوں۔ کیونکہ ایسا لگتا ہے کہ آپ اپنے آپ کو سستے بیچ رہے ہیں۔ لہٰذا، آپ کے پاس ایک مشترکہ کم از کم پروگرام ہے، یہ سب سے کم ہے جو ہم کرنے جا رہے ہیں۔ یہ ایک کم سے کم ایجنڈا نہیں ہونا چاہئے۔ یہ ایک زیادہ سے زیادہ ہونا چاہئے۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں کہا کہ ہمیں زیادہ سے زیادہ کرنے کا ارادہ رکھنا چاہئے، نہ کہ کم از کم جو ہم کر سکتے ہیں۔ لہٰذا، ہم اسے اس نقطہ نظر سے دیکھیں گے، میں لفظ کم سے کم استعمال نہیں کروں گا۔ یہ زیادہ سے زیادہ کے لیے روڈ میپ بننے جارہا ہے جو ہم جموں وکشمیر کے لیے کر سکتے ہیں۔ عمر عبداللہ نے مزید کہا کہ میں اس حقیقت سے تقریباً پریشان نہیں ہوسکتا کہ، میرا مطلب ہے، ہمارے اسٹرائیک ریٹ کو دیکھیں۔ میرا مطلب ہے، 75 فیصد کوئی مذاق نہیں ہے۔ 56 میں سے 42 (نشستوں پر این سی نے مقابلہ کیا)۔ انہوں نے کہا کہ یہ 75 فیصد اسٹرائیک ریٹ ہے۔ لہٰذا، بنیادی طور پر، میرا مطلب ہے، یہ ظاہر کرتا ہے کہ جہاں نیشنل کانفرنس نے امیدوار کھڑے کیے، چند کو چھوڑ کر، ہم نے وہ سیٹیں جیتیں اور ہم نے انہیں اچھی طرح سے جیتا۔ عمر عبداللہ نے کہا کہ ٹھیک ہے، مجھے لگتا ہے کہ کانگریس خود اپنے نتائج سے مایوس ہونے والی ہے۔ میرا مطلب ہے، اس میں کوئی شک نہیں ہے۔ ایک سوال کے جواب میں عمر عبداللہ نے کہا کہ میں یہ نہیں چاہتا۔ لیکن تالی بجانے کے لیے دو ہاتھ لگتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم اس اننگز کا آغاز لڑائیوں میں اترنے کے لیے نہیں کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم ایمانداری کے ساتھ اس کی شروعات اچھے، صحت مند کام کرنے والے تعلقات کے لیے کر رہے ہیں۔ عمر عبداللہ کا کہنا تھا کہ اب۔ میں ایک لمحے کے لیے یہ نہیں کہہ رہا ہوں کہ نیشنل کانفرنس بی جے پی کی مخالفت کرنا چھوڑ دے گی۔ یا یہ کہ ہم بی جے پی سے یہ توقع کرتے ہیں کہ وہ ہماری مخالفت کرنا بند کر دے؟ ہم ایک دوسرے پر ہتھوڑے اور چمٹے ماریں گے۔ لیکن میں نیشنل کانفرنس اور بی جے پی اور جموں وکشمیر حکومت اور مرکزی حکومت کے درمیان ایک لکیر کھینچنے کی کوشش کر رہا ہوں۔ اور اگر ہم اس بات کو یقینی بنا سکتے ہیں کہ وہ لکیریں دھندلی نہ ہوں اور یہ کہ کسی طرح ہم ایک ساتھ مل کر کام کرنے کے قابل ہو جائیں، تو یہ دونوں کا باہمی فائدہ ہوگا۔ دن کے اختتام پر، اگر جموں وکشمیر اچھی کارکردگی کا مظاہرہ کرتا ہے، تو ملک کے پاس کریڈٹ لینے کے لیے کچھ ہے۔ ایک سوال کے جواب میں عمر عبداللہ نے کہا کہ ہم ریاست نہیں ہیں۔ ہم سائز میں چھوٹے ہیں، ہم اپنی اہمیت کے لحاظ سے اپنے وزن سے بہت اوپر ہیں، اس لحاظ سے کہ ہم کتنی اہمیت رکھتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجھے اسے ہر ممکن حد تک واضح طور پر درج کرنے دو۔ دہلی ریونیو فاضل علاقہ ہے۔ جموں وکشمیر ایک شدید آمدنی کا خسارہ والا علاقہ ہے۔ پہلے دن سے (LG کے ساتھ) لڑائی میں اترنا مجھے جموں اور کشمیر کے ووٹروں کے خدشات کو دور کرنے میں کس طرح مدد کرتا ہے؟ دن کے اختتام پر، یہاں کے لوگوں نے اس اتحاد کو ووٹ نہیں دیا تاکہ ہم لڑتے رہیں۔ وہ نہیں چاہتے کہ ہم اہم چیزوں پر ہتھیار ڈال دیں۔ لیکن وہ نہیں چاہتے کہ ہم پہلے دن سے لڑائی شروع کریں۔ اور مجھے نہیں لگتا کہ ہمیں گیلریوں میں کھیلنا چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ یہ حقیقت ہے کہ جموں کے میدانی علاقوں سے ہمارے پاس بہت زیادہ ایم ایل اے نہیں ہیں۔ عمر عبداللہ نے کہا، میں نے یہ واضح کر دیا ہے کہ آنے والی حکومت جموں وکشمیر کے تمام لوگوں کی حکومت ہونی چاہیے۔ ہم اتنے ہی لوگوں کی حکومت ہیں جنہوں نے نیشنل کانفرنس کو ووٹ دیا، جتنا کانگریس کو، جتنا بی جے پی کو، جتنا ان لوگوں کی جنہوں نے ووٹ نہیں دیا۔ انہوں نے مزید کہا کہ اب، میرا مطلب ہے، اگر میں جموں کے لوگوں کی حکومت نہیں ہوں، اسی منطق سے، میں بھی سری نگر کے لوگوں کی حکومت نہیں ہوں جنہوں نے باہر آکر ووٹ نہیں دیا۔ 30 فیصد نے ووٹ دیا، 70 فیصد نے نہیں دیا۔ کیا اس 70 فیصد کو اس لیے سزا ملنی چاہیے کہ انہوں نے ووٹ نہیں دیا؟ اسی منطق سے جموں کے لوگ صرف اس لیے سزا کے مستحق نہیں ہیں کہ انہوں نے ہمیں ووٹ نہیں دیا۔ وہ نمائندگی کے مستحق ہیں اور انہیں نمائندگی ملے گی۔

105

میں تبدیلی آئی جس کے بعد پہاڑی علاقوں میں ہلکی برفباری ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ برفباری کے بعد وادی کشمیر میں صبح وشام کے اوقات سردی لوٹ آئی ہے۔ خیال رہے کہ محکمہ موسمیات نے موسمی صورتحال میں تبدیلی آنے کے امکانات ظاہر کرتے ہوئے بارشوں اور ہلکی برفباری کی پیشگوئی کی تھی۔ اس دوران سونہ مرگ اور اس کے ملحقہ علاقوں میں تازہ برفباری ہوئی اس کیساتھ ساتھ دراس اور لیہ کی دیگر پہاڑی علاقوں میں بھی برفباری ہوئی۔ گلمرگ سے نمائندے نے اس ضمن میں تفصیلات فراہم کرتے ہوئے بتایا کہ شہرآفاق گلمرگ میں دوران شب ہی اس وقت موسمی صورتحال میں تبدیلی آئی جب آسمان پر کالے بادل چھا جانے کے ساتھ تازہ برفباری کا سلسلہ شروع ہوا۔ ادھر محکمہ موسمیات کے مطابق پیر پنچال کے آر پار اگلے 24 گھنٹوں تک میدانی علاقوں کے ساتھ ساتھ بالائی علاقوں میں بھی برفباری ہونے کے امکانات ہے۔ محکمہ موسمیات کے مطابق بالائی علاقوں کے ساتھ ساتھ میدانی علاقوں میں کہیں کہیں پر ہلکی سے درمیانہ درجے کی بارشیں ہوسکتی ہے جبکہ وقفہ وقفہ سے ہلکی بارشوں کی وجہ سے درجہ حرارت میں مزید گراوٹ آسکتی ہے۔

106

این سی کو حمایت دی ہے، جس سے پارٹی کی تعداد 46 ہو گئی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کانگریس کے ساتھ بات چیت جاری ہے۔ انہیں فیصلہ کرنے کے لئے ایک دن کا وقت دیا گیا ہے۔ ایک بار جب وہ ہمیں حمایت کا خط دے دیں تو میں حکومت سازی کا دعویٰ پیش کروں گا۔

107

اکثریتی نشان کو چھوتا ہے، جبکہ جموں ڈویژن میں اس کی نشستیں 2 ہندسوں میں 10 تک پہنچ جائیں گی۔ اگر 2 آزاد ہندو ممبران اسمبلی کانگریس کے ساتھ جانے کا انتخاب کرتے ہیں تو پارٹی کو ہندو چہرے مل جائیں گے اور اس کے ارکان کی تعداد 6 سے بڑھ کر 8 تک پہنچ جائیگی۔ سیاسی مبصرین اور آئینی ماہرین کے مطابق وزارت کی تشکیل بھی اہم ہوگی کیونکہ جموں وکشمیر تنظیم نو ایکٹ 2019 نے وزارتی کونسل کی تعداد کو قانون ساز اسمبلی کی کل تعداد کے 10 فیصد تک محدود کر دیا ہے۔ تنظیم نو کے قانون میں کہا گیا ہے کہ جموں وکشمیر کے یوٹی میں وزراء کی ایک کونسل ہوگی جو اسمبلی میں کل ارکان کی تعداد کے 10 فیصد سے زیادہ نہیں ہوگی۔ جموں وکشمیر میں 90 رکنی اسمبلی ہے اور اس کے علاوہ 5 ارکان کی نامزدگی کا انتظام ہے جن میں 2 خواتین، 2 کشمیری پنڈت، ان میں سے ایک خاتون، اور ایک پاکستانی زیر قبضہ کشمیر کا مہاجر شامل ہے جس سے ایوان کی تعداد 95 ہو جائے گی۔ وزارتی کونسل کی 10 فیصد طاقت جو 9.5 پر آتی ہے اس کا مطلب ہے کہ جموں وکشمیر میں وزیراعلیٰ سمیت 9 یا 10 وزیر ہو سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ 2 ارکان اسمبلی کو قانون ساز اسمبلی کے اسپیکر اور ڈپٹی اسپیکر کے طور پر منتخب کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے سیاسی مبصرین کا کہنا ہے کہ آزاد امیدواروں کو جگہ دینا نیشنل کانفرنس کے لیے ایک مشکل کام ہوگا کیونکہ پارٹی پہلے ہی 42 سیٹیں جیت چکی ہے۔ جموں ڈویژن کی 43 اسمبلی سیٹوں میں سے بی جے پی نے 29، این سی نے 7، آزاد امیدواروں نے 5، کانگریس اور اے اے پی نے ایک ایک سیٹ جیت لی ہے۔

108

